Successive Pakistani governments have tried to negotiate with the Bangladesh government to allow the Biharis a normal existence in the country. But only a small number of Biharis have been allowed into Pakistan on a selective basis.

Only last month a batch of greatful Biharis entered Pakistan after their applications were processed and approved for relocation into Pakistan. ☐

Fantastic resemblance due coincidence? No!

The Brisa you will know is the mazda you have known

Same ... just as you see them. In fact even more because almost every part is interchangeable. And that's not all! The mazda you have always remembered as a beautiful car enveloping the best autoengineering, style, comfort and safety, is all the same when you buy it as Brisa (Produced in S. Korea under technical supervision, of the manufacturers of mazda Japan). But let's tell you what's really great about our Brisa. It's light on your budget! and this is what makes Brisa your car for only Rs. 51,000/-*

*Estimated landed cost at today's rate of duty and Sales tax

Spares and service facilities exist throughout Pakistan

In U.S.A. and Canada, please contact:
TRANSWORLD MARKETING LTD.
POB A3374 Chicago, Ill. 60690 U.S.A. Phone (312) 684-5266

For bookings under Home Delivery/Gift Scheme, Please contact:
envitrans
10 Abdullah Haroon Road, Karachi Telephone: 512779 Cables: Enviran
111 Hotel Ambassador, Lahore. Telephone: 52105

Muslim World

Afghan Mujahids Declare Islamic Republic

PESHAWAR — The Afghan **Mujahedeen** declared an Islamic Republic in the central province of Razmak amid reports that thousands of **Mujahedeen** are converging upon the capital, Kabul for a final showdown with the communist backed regime of Taraki. Several provinces have been completed liberated and all roads leading into Kabul have been blocked by the **Mujahedeens.**

Diplomatic sources in Kabul say it is only a matter of weeks when the Taraki regime would be ousted. However, they do not discount the possibility of direct Soviet military intervention through the use of "Diversionary Brigades," also known as the Soviet Specialist Clandestine Troops.

Mujahid forces have declared that Paktia province has been completely liberated and 2000 government troops captured.

In Kabul meanwhile, Afghan foreign/defence and prime minister all rolled into one, Hafizullah Amin told foreign newsmen that the "rebels" were receiving direct and indirect assistance from China, the United States and Pakistan.

Over 150,000 Afghan refugees live in refugee camps across the border in Pakistan, many with scars and burns from napalm, rockets and shrapnel.

A MILLION IRANIANS OBSERVE JERUSALEM DAY

TEHERAN — On Friday August 17, 1979, over a million Iranians came out in the streets of Teheran to observe JERUSALEM DAY, following a call by Ayatullah Khomeini to express solidarity with the Palestinian people. The marchers shouted "Death to Begin, Carter and Sadat," Victory to the PLO and "Jerusalem is Muslim."

In calling for the march, Ayatullah Khomeini stated that Jerusalem was of great religious and historical significance to the Muslims where the first Qibla of Islam and the Al-Quds were located. He condemned zionist and imperialist plots against the Palestinians and Muslims.

The Teheran rally was also addressed by the Syrian foreign minister who thanked the Iranian people and their revolutionary leaders for expressing solidarity with the Palestinian people.

PLO Rally for Jersualem Day

BEIRUT — In Beirut, a mamoth rally addressed by the PLO leader Yasser Arafat observed Jerusalem Day in which he promised that even if Palestinian sacrifices were needed every inch of the way to Jerusalem, they would be made. No sacrifice was too great to achieve the objective he declared.

Shariat Madari for Islamic Confederation

Ayatullah Syed Shariat Madari, one of the country's religious leader at Teheran on July 12 called for the creation of a Confederation of Islamic States that would bind members to follow the same foreign policy while retaining their own identity and domestic legislation.

In an interview with Agency France Presse, he said, 'in an Islamic Confederation, a member would retain its Government and its Head of State, but would adopt a united policy, mainly with respect to the big powers.'

He made it clear that he did not expect a positive reaction from Islamic countries, which together represent more than 600 million people.

However, he said his suggestion deserved serious attention and the convening of a preparatory conference.

Publishing Children's Books

The Muslim Community Centre of Chicago reports that final drafts of three text books on Sirah were ready, and a goal was set to get them published by the end of 1979 after their religious review. The books were written by Dr. Abdullah Ghazi, who is a professor of Islamic Studies of the King Abdul Aziz University, currently working at Muslim Community Centre, Chicago.

Young Succumbs to Zionist Pressure

NEW YORK — United States outspoken ambassador to the UN, Andrew Young succumbed to zionist pressure and was forced to resign following his meeting with the PLO representative at the residence of the Kuwaiti ambassador July 26. The residence was apparently bugged by Israelis who raised a storm of protest over Andrew Young's meeting and discussions with the PLO man Zehdi Labib Terzi. The meeting was neither the first of its kind nor unusual since diplomats have often met to discuss various issues and in this instance both young and Labib Terzi revealed that procedural matters about the forthcoming UN debate on the Middle East were discussed.

But this was enough for the Israelis and their zionist lobby who believe that US foreign policy must be conducted for the sole purpose of promoting Israeli and NOT US interests!

This episode also raises the question: who rules America?

Israeli Air and Ground Attacks Continue

BEIRUT — Israeli army and airforce units have continued, on a daily basis, strikes and attacks on Palestinian refugee camps in southern Lebanon killing scores of innocent civilians.

Israeli dastardly attacks have been going on with US military hardware incessantly and involve blowing up houses with the occupants inside, dropping napalm on refugee camps and schools and shelling villages and towns in southern Lebanon.

In the recent attack, scores of civilians were killed or wounded with many children receiving burns from napalm bombs.

Quran being transcribed Into Braille

The Holy Quran is being transcribed into Braille to facilitate its reading by the blind students, Mr. Babar Ahmed Siddiqi Braille Instructor at the Sir Syed Girls College, disclosed at Karachi on July 9.

He said that first 10 parts of the Holy Quran had already been transcribed into Braille while work on the remaining part was progressing satisfactorily.

ISLAMIC BOOKS AND THINGS

KAZI PUBLICATIONS INC., 1529 N Wells St. Chicago Ill 60610

Phone: 312 - 6421291
Catalog Free, Call or write today.

Sayings of Prophet Muhammed Pbuh

GENTLENESS, MODESTY AND GOOD CHARACTER

He who is deprived of gentleness is deprived of good.

Righteousness is good character, and sin is that which revolves in your heart and about which you do not want people to know.

Among the best of you are those who have the best character.

Modesty is part of faith and faith is in paradise, but obsenity is a part of hardness of heart and hardness of heart is in hell.

I have been sent to perfect good character.

O God, as Thou hast made my form beautiful so make my character beautiful.

The believers whose faith is perfect are those who have the best character. ☐

Appeal To Save The Life Of Maqbool Butt

The Jammu and Kashmir Liberation Front has appealed to Arab governments and people to help save the life of Kashmiri freedom fighter Maqbool Ahmad Butt who has been sentenced to death by Indian government for 'revolting and inducing others to revolt against Indian government,' 'posing a danger to India's security' and 'killing an officer of Indian intelligence.' Butt was originally sentenced to death in 1966 but escaped from prison and was recaptured in 1976.

It may be mentioned that the Amnesty International, the Islamic Council of Europe and NUJ of Britain have already appealed to Indian government to free Butt. It is understood that the UN secretary general and the Human Rights Division of the UN have also sent similar clemency appeals.

ATTENTION: Registered Medical/Dental Practitioners

Notices have been published in all the newspapers in Pakistan to inform all Registered Medical and Dental Practitioners that the Pakistan Medical & Dental Council with a view to keep the record of doctors upto date and to have the latest addresses of the doctors registered with Pakistan Medical & Dental Council, had decided to introduce the retention fee w.e.f. 1st January 1979. The retention fee will be charged at Rs. 20/- per year after the completion of five calender years initially.

Letters had been despatched to the registered doctors at their addresses out of which some have been received back undelivered. All the registered doctors working abroad are therefore, requested through this notice that if they want their names to be retained on the Medical Register in Pakistan they should intimate to the undersigned at the above address on the specimen proforma given below along with the prescribed fee at Rs.20/- per year for atleast five years through a Bank Draft in the name of the Pakistan Medical & Dental Council, Islamabad latest by July 31st, 1979. The original Registration Certificate alongwith two passport size photographs duly attested should be sent for renewal by the specified date failing which it will be presumed that the doctors are not interested to keep their names on the register and their names will not be retained and will not be published in the Medical Register. They will also fail to enjoy all the privileges as registered medical practitioners under the Pakistan Medical & Dental Council Ordinance 1962.

Name: Registration No. and date, Change of Permanent address other than already registered if any, Present address and telephone No.

Pakistan Medical & Dental Council
30 Ataturk Avenue, Islamabad.

Central Haj Organization of Canada to Offer Haj Guidance

For further information please contact Brother Nazeer Ahmed, 10 Sunny Glenway, Apt. 910, Don Mills, Ont. Phone: 416 [illegible] 4285.

BABYSITTER WANTED

Business couple in London, Ontario, need live-in Baby-sitter.

Please call Mr. Kazi
Tele: [416] 438-9912

غیر منقسم ہندوستان اور مسلمان

آزادی عید

طارق اسمٰعیل

۱۴ اگست ۱۹۴۷ء کو جب پاکستان وجود میں آیا مسلم قومیت کے حق میں چلائی جانے والی تحریک کامیابی و کامرانی سے ہمکنار ہوئی۔ قائداعظم کی ولولہ انگیز قیادت میں انگریزوں، ہندوؤں اور سکھوں کی مخالفت کے باوجود برصغیر کے مسلمان اپنے اعلیٰ مقصد کے حصول میں کامیاب ہو گئے تو قیام پاکستان کے اعلان کے تین روز بعد عیدالفطر کا مقدس تہوار آیا۔ میرا آبائی گاؤں ... ضلع امرتسر میں واقع تھا ...

سکھوں کی کرپانوں کے مقابلے میں مسلمانوں کی تلواریں

پاکستان زندہ باد

Introduce Crescent To A friend

مسلمان ہے اس کے دین کے تقاضے کیا ہیں ... ایمان ... قرآن حکیم کی روشنی میں کیا ہے

۱۲ بارہ روزہ مجالس درس قرآن حکیم

بتاریخ ۴ تا ۱۵ ستمبر ۱۹۷۹ء

روزانہ بعد نماز مغرب بروز جمعہ بعد نماز ظہر

بمقام جامع مسجد ۵۶ پوسٹیڈ ایوینیو ٹورانٹو

مدیر ماہنامہ میثاق لاہور مؤسس انجمن خدام القرآن لاہور

جناب محترم ڈاکٹر اسرار احمد صاحب درس فرمائیں گے

نور کی بارش

جان شاد ماں ہے رحمت رب ودود سے
گلزار دل کھلا ہے نسیم درود سے
ہر ذرہ کشت شوق کا ہے رشک آفتاب
بارش ہوئی ہے نور کی چرخ کبود سے

ErinMillsMotors

VOLVO MAZDA

عید مبارک

EID MUBARAK

With the Best Compliments From

ERIN MILLS MOTORS

TEL: 828-1890

2560 Motorway Blvd.

Mississauga, Ont. L5L 1X3

Authorised Dealers

For — VOLVO & MAZDA

SALES-SERVICE PARTS

بابائے قوم قائداعظم مسلم لیگی رہنما خطبہ عید سن رہے ہیں

فلمی خواب

(فلم والوں سے معذرت کے ساتھ)

ایک ماہر نفسیات کا تجزیہ یہ ہے کہ لوگ دن میں جو کچھ سوچتے ہیں، وہی رات کو خواب کی صورت میں نظر آتا ہے۔
عام لوگوں کے بارے میں تو ہمیں علم نہیں کہ وہ کس قسم کے خواب دیکھتے ہیں۔
لیکن فلم والوں کے قریب رہنے کی وجہ سے ہمیں ان کی سوچ کا علم ہے۔
وہ جو کچھ دن میں سوچتے ہیں یقیناً رات کو اسی قسم کے خواب بھی دیکھتے ہوں گے۔
محض قارئین کی دلچسپی کے لئے یہ چند خواب پیش کر رہے ہیں۔

تحریر :- صلاح الدین پراچہ

ایک فلمساز نے خواب دیکھا کہ اس کی بارہ لاکھ روپے کی فلم فلاپ ہو گئی ہے۔
دوسرے روز اس نے اسٹوڈیو آ کر اپنا یہ خواب فلم کے ہدایت کار کو سنایا۔ خواب سن کر ہدایت کار نے مسکراتے ہوئے کہا۔
اس میں پریشان ہونے کی کیا بات ہے، فلم تو دونوں سرکٹ کے لئے فروخت ہو گئی ہے۔ فلاپ ہو بھی گئی تو نقصان تقسیم کاروں کا ہی ہو گا۔
فلمساز نے سنجیدگی کے ساتھ کہا۔
پریشان یوں ہوں کہ اگر خدانخواستہ ایسا ہی خواب دونوں تقسیم کاروں نے بھی دیکھ لیا تو کیا ہو گا!

ایک زیر تکمیل فلم کے ہدایت کار نے صبح سویرے فلمساز کے گھر جا کر کہا۔
شیخ صاحب!۔۔ رات میں نے خواب دیکھا کہ ہماری فلم سپرہٹ ہو گئی ہے۔
پورے ملک میں اس نے دھوم مچا دی ہے اور اسے بارہ ایوارڈ بھی ملے ہیں۔
فلمساز نے خواب سن کر لاپرواہی سے جواب دیا۔
تم نے تو یہ خواب اب دیکھا ہے ایسے خواب تو میں اس وقت سے دیکھ رہا ہوں جب فلم شروع کی تھی۔

ایک اداکارہ نے اپنی سہیلی کو بتایا۔
رات میں نے خواب دیکھا کہ ایک شہزادہ آیا اور مجھے اڑن کھٹولے پر بٹھا کر لے گیا۔
خواب سننے کے بعد سہیلی نے مسکراتے ہوئے کہا
اپنا یہ خواب اپنی ممی کو ہرگز نہ سنانا ورنہ وہ خواب دیکھنے پر پابندی لگا دیں گی۔

ایک مشہور ہیرو نے اپنی من پسند ہیروئن سے کہا۔
رات میں نے خواب دیکھا کہ میری اور تمہاری شادی ہو گئی ہے۔
ہیروئن نے خواب سن کر آہستہ سے کہا۔
اتفاق سے کل رات میں نے بھی یہی خواب دیکھا تھا۔
ہیرو نے خوش ہوتے ہوئے کہا۔
پھر تو میری اور تمہاری شادی ضرور ہو گی!
ہیروئن نے سنجیدہ ہو کر کہا۔
دعا کرو!۔۔ یہ خواب میری والدہ اور تمہاری بیوی نے نہ دیکھا ہو!

فلمساز نے فلم تقسیم کار کو یقین دلاتے ہوئے کہا۔
میری یہ فلم سپرہٹ ہو گی!
آپ کو یہ کیسے یقین ہے کہ فلم سپرہٹ ہو گی؟۔۔ فلم تقسیم کار نے سوال کیا۔
میں نے تین بار خواب دیکھا ہے کہ میری فلم سپرہٹ ہو گئی ہے ۔۔۔ فلمساز نے مختصر جواب دیا۔
تو پھر آپ ایسا کریں، کل صبح میرے دفتر تشریف لائیں!
کیا کل آپ فلم کا سودا کر لیں گے؟۔۔۔ فلمساز نے خوش ہوتے کہا۔
ہاں!۔۔ اگر رات خواب میں میں نے بھی آپ کی فلم سپرہٹ ہوتے دیکھ لیا!۔۔ فلم تقسیم کار نے جواب دیا!

ہیروئن کی ماں نے ناشتہ کی میز پر رات دیکھا ہوا خواب اپنی بیٹی کو سنایا
میں نے خواب دیکھا کہ
تیری تین فلمیں ہٹ ہو گئیں۔ چھ نئی فلموں کے معاہدے ڈیڑھ ڈیڑھ لاکھ روپے میں ہوئے۔
ایک نئی کوٹھی اور ایک نئی کار خریدی۔
ہیروئن نے ماں کا خواب سننے کے بعد کہا۔
ممی!۔۔ آپ خواب تو پورا دیکھا کریں، یہی خواب پرسوں میں نے پورا دیکھا تھا۔
میری تین فلمیں ہٹ ہو گئیں، چھ فلموں کے معاہدے ڈیڑھ ڈیڑھ لاکھ میں ہوئے۔
ایک نئی کوٹھی اور نئی کار خریدی اور ۔۔۔
ہیروئن کی ماں نے اشتیاق سے پوچھا۔
ہاں بتاؤ اور کیا دیکھا؟
آخر میں دیکھا کہ میری شادی ہو گئی!۔۔۔ ہیروئن نے نگاہیں نیچے کر کے خواب مکمل کیا۔

کہانی سنانے کے بعد کہانی نویس نے فلمساز کی جانب داد طلب نظروں سے دیکھتے ہوئے کہا۔
ایسی چونکا دینے والی کہانی آپ نے پہلے سنی ہو گی اور نہ ہی دیکھی ہو گی!
کہانی واقعی نئی اور چونکا دینے والی ہے ۔۔۔ لیکن یہ تو بتاؤ تم نے یہ کہانی کتنی ۔۔۔ بھارتی فلمیں دیکھ کر لکھی ہے؟
قسم لے لیجئے!۔۔ یہ کہانی چربہ نہیں ہے، رات خواب میں مجھے یہ کہانی ایک شخص نے سنائی تھی۔
کہانی نویس کے اس انکشاف کے بعد فلمساز نے پوچھا جس شخص نے تمہیں کہانی سنائی تھی اس کا حلیہ کیسا تھا؟
کہانی نویس نے اس شخص کا حلیہ بتایا تو فلمساز نے حیرت زدہ ہو کر کہا
تو اب پھر یہ کہانی نویس خلیل شیروانی اپنی چیرہ ۔۔۔
کہانی اس طرح بیچ گئے!۔۔

سینما کے مالک نے بستر سے اٹھتے ہی اپنے منیجر کے گھر پر ٹیلی فون کیا اور کہا رات میں نے خواب دیکھا کہ بے پناہ رش ہونے کے باوجود تم نے کوئی ٹکٹ بلیک میں فروخت نہیں کیا۔ تمہاری اس حرکت پر مجھے سخت غصہ آیا۔
منیجر نے ذرا سخت لہجہ میں جواب دیا۔
سیٹھ صاحب!۔۔۔ میں ایک وقت میں ایک ہی کام کر سکتا ہوں، اگر خواب میں بھی سینما ٹکٹ بلیک میں فروخت کروانے ہیں تو پھر ایک اور منیجر کا بندوبست کر لیں!

ایک محفل میں چار اداکار بیٹھے گفتگو کر رہے تھے۔ گفتگو کے دوران ایک اداکار نے کہا
میں بچپن میں ہی اداکار بننے کا خواب دیکھتا تھا۔
دوسرا اداکار بولا۔
میں اسکول کے زمانے میں ہیرو بننے کے خواب دیکھا کرتا تھا۔
تیسرے اداکار نے کہا۔
میں کالج کے زمانے میں اداکار بننے کے خواب دیکھتا تھا۔
چوتھا اداکار خاموش رہا، اسے خاموش دیکھ کر تینوں نے اس سے پوچھا۔
کیا تم بھی اداکار بننے کے لئے ہماری طرح خواب دیکھتے تھے؟
چوتھے اداکار نے آہستہ سے جواب دیا
میرا باپ فلمساز تھا، وہ میرے ہیرو بننے کے خواب دیکھا کرتا تھا۔

ایک فلمساز نے بڑا انوکھا خواب دیکھا!
فلمساز نے اپنے ہدایت کار سے کہا!
خواب کیا تھا جلدی سے بتائیں؟
ہدایت کار نے بے چینی سے کہا۔
میں نے خواب دیکھا کہ فلمساز ۔۔۔ تمغے ملے ہیں اور ۔۔۔ سنسر بورڈ نے ہماری فلم کو پورے ملک کے لئے ۔۔۔ قرار دے دیا ہے۔

فلمساز کا خواب سن کر ہدایت کار نے کہا
"اس میں پریشان ہونے کی کون سی بات ہے، جو سین فلم میں سے ہم نکال دیں گے جس پر سنسر اعتراض کر سکتا ہے!"
ہدایت کار کی بات سن کر فلمساز نے غصہ سے کہا۔
بیوقوف آدمی! فلم کا صرف ٹائیٹل دیکھنے بھلا کون آئے گا!

میں اپنے خوابوں کو حقیقت بنا دوں گا۔
۔۔۔ ہدایت کار نے ۔۔۔
سے کہا۔
یہ بات سن کر فلمساز پریشان ہوا اس نے کہا۔
میرے بھائی خواب کی تعبیر تو الٹی ہوتی ہے
ہدایت کار نے برجستہ جواب دیا۔
پریشان کیوں ہوتے ہیں آپ! ابھی تو خواب میں کئی فلاپ فلمیں بھی بنائی ہیں۔

فلمساز کا خواب ۔۔۔ صفت روزہ نگار کراچی

رانی — ہدایت کار نذر شباب کی فلم ۔۔۔

عید مبارک

آپ کی دل پسند سیرین بریڈ
اور
دوسری عمدہ عربی روٹیاں بنانے والے

WAKILEH CO. LTD.
26 Tangiers Road, Downsview
M3J 2B2
Tel. 633-5628, 635-9149

۔۔۔ لیڈر فلم ۔۔۔



عید مبارک

عید سعید کے پُرمسرت موقع پر ہم اپنے
کرمفرماؤں اور سرپرستوں کی
خدمت میں ہدیۂ تبریک
پیش کرتے ہیں۔

ادارۂ کریسنٹ

Eid Mubarak

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ہر قسم کی پاکستانی و ہندوستانی فوڈ کے علاوہ انٹرنیشنل فوڈ
یعنی ہر قسم کی خوراک نہایت کم قیمت پر خریدنے کے لئے
ہمیں خدمت کا موقع دیجئے۔

ہمارا نصب العین آپ کی تسلی ہے

WHOLESALE & RETAIL
Please Call **ISMAIL** *At*

461-2839

HOUSE OF HALAL MEAT

803 Danforth Avenue
Toronto, Ontario

Fresh Halal Meat & Vegetables

آپ کے خطوط

جناب مدیر "کریسنٹ انٹرنیشنل"

میں عرصہ تین ماہ سے آپ کا مستقل قاری ہوں۔ شمارہ جولائی کے شمارے میں "دینی علم اور ہماری زندگی" کے عنوان سے محمد حفظ الکبیر قریشی صاحب کا مضمون پڑھ کر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ مغرب میں رہتے رہتے جناب قریشی صاحب پر مغربی انداز فکر کا مکمل ملمع چڑھ چکا ہے۔

ان کے مضمون سے یہ تاثر ملتا ہے کہ کوئی مسلمان نہیں بلکہ مغربی اسکالر جس نے لندن یا امریکہ کی یونیورسٹیوں میں یہودی پروفیسروں سے اسلام پر ڈاکٹریٹ کی ڈگری لی ہو بول رہا ہے۔ جو بات مغرب میں عام طور سے اسلام کے بارے میں کہی جاتی ہے کہ "فرسودہ پرانا مذہب" وہی بات جناب قریشی صاحب کے مضمون سے نکلتی ہے۔ اتاترک، اقبال ناصر اور قائد عوام مرحوم بھی اسلام کو ماڈرن بنانا چاہتے تھے۔ لیکن اسلام کو جڑ سے اکھاڑنے کی سازش میں ملوث کئے جاتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ نے حدیں مقرر کی ہیں اس حد کے اندر آپ اجتہاد کر سکتے ہیں۔ اور اللہ تعالیٰ نے ان حدوں کے قریب جانے سے بھی روکا ہے۔ سود اسلام میں قطعاً حرام ہے۔ اس کا لینا بھی اور دینا بھی۔ لہٰذا اگر کوئی بڑے سے بڑا عالم بھی کسی بھی حالت میں سود کو جائز قرار دے تو ماننے والی بات نہیں۔ کیونکہ قرآن میں حکم ہے کہ سود کا لینا اور دینا حرام ہے۔ اس لیے مارگیج پر کوئی چیز لینا جس پر سود دینا پڑے قطعاً حرام ہے۔ اس پر اگر اسلام کو پرانا مذہب کہا جائے تو بھائی کس نے کہا ہے کہ آپ مسلمان رہیں۔ جناب یہ اور بہت سے لوگ جانوروں کی طرح اونچے اور بڑے مکان کر کے رہتے ہیں وہاں ایک آپ کا بھی اضافہ ہو جائے تو کیا حرج ہے۔ آپ کو اسلامی قدروں بدلنے کا حق کس نے دیا۔ اگر حلال گوشت نہیں ملتا تو حرام گوشت کو حرام سمجھ کر کھائیں۔ اس کو حالات کے تحت حلال کرنے کی کوشش نہ کریں۔ اگر روزہ رکھنا بھاری پڑتا ہے تو نہ رکھیں۔ مگر کینیڈا کے لیے روزہ کا قانون نہ بدلیں۔ اسی طرح اور بھی بہت سی چیزیں ہیں۔ کیا یہ ضروری ہے کہ تین بیڈروم والا خوبصورت سا مکان سود پر لے کر رہا جائے۔ دو کمروں کا مکان کرائے پر لے کر بھی گزارا ہو سکتا ہے۔ جناب مضمون کا حاصل یہ ہے کہ خود کو اسلامی سانچے میں ڈھالنے کی کوشش کریں نہ کہ اسلام کو اپنے سانچے میں ڈھالنے کی؟

بحمداللہ اس کینیڈا میں ہزاروں مسلمان مل جائیں گے جو اپنی قدروں پر ناز کرتے ہیں اور ۲۰ سال سے کینیڈا میں رہتے ہیں۔ بہت سے خاندان میں نے خود دیکھے ہیں جن کی خواتین کینیڈا میں رہ کر بھی برقع اوڑھتی ہیں۔ حلال گوشت مہنگا ضرور ملتا ہے لیکن مل جاتا ہے۔ امید ہے کہ یہ خط آپ قریبی اشاعت میں شائع کریں گے۔

ظریف احمد
سینٹ کیتھرین - (انٹاریو)

مختصر مختصر اشتہارات

ضرورت رشتہ

اعلیٰ تعلیم یافتہ ۲۹ سالہ مسلمان نوجوان (ڈبل ایم۔اے ایل۔ایل۔بی) مقیم انٹاریو کینیڈا کے لیے امیگرنٹ یا کینیڈین شہری ہم عمر لڑکی کا فوری رشتہ درکار ہے۔ غیر شادی شدہ یا مطلقہ یا بیوہ، اور ذات پات کی کوئی قید نہیں۔ ۱۵ ستمبر تک پوری سنجیدگی اور خلوص نیت کے ساتھ پہلے ہی مکتوب میں تمام اہم تفصیلات اور فون نمبر سے آگاہ کر دیں۔ شکریہ۔

S. MAHMOOD
BOX 7253
SANDWICH P.O.
WINDSOR, ONT.
N9C 3Z1

•

مسلمان ہندوستانی لڑکی عمر ۲۳ سال قبول صورت، بی۔اے، بی۔ٹی، حالیہ مقیم ٹورانٹو کے لیے مناسب رشتہ درکار ہے۔ خواہشمند ذیل کے پتہ پر اپنے ٹیلی فون نمبر کے ساتھ خط لکھیں:

Z. E. H
C/O CRESCENT

•

۲۸ سالہ پاکستانی انجینئر مقیم برطانیہ کے لیے نیک سیرت مسلمان لڑکی کا رشتہ مطلوب ہے۔ مزید تفصیلات کے لیے خط لکھئے:

S. I.
C/O CRESCENT

•

ضرورت ہے

ہندوستانی پکوان کی تربیت کے لیے باورچی کی ضرورت ہے۔ ابتدائی اُجرت ساڑھے تین ڈالر تا چار ڈالر فی گھنٹہ ہوگی۔ خواہشمند ۳ تا ۵ بجے کے درمیان پتہ ذیل پر تشریف لائیں

دربار اکبری
384 ینگ اسٹریٹ
ٹورانٹو

ضرورت ہے

بریلی، بریمٹن میں عید ملن پارٹی کے منتظمین کو گانے اور ساز بجانے والے شوقین خواتین و حضرات کی ضرورت ہے۔ معلومات کے لیے فون کیجیے:

اقبال رانا 425-1924

(مختصر اشتہارات کا معاوضہ صرف ۵ ڈالر ہے جس کی پیشگی ادائی ضروری ہے)

نمازِ عید

شیعہ اثنا عشری یونین کی نماز عید LOUIS BEATTY سکنڈری اسکول واقع DREWRY RD. نارتھ یارک میں ۲۴ یا ۲۵ اگست کو چاند نظر آنے پر صبح ۹ بجے ادا کی جائے گی۔ مزید معلومات کے لیے فون کیجیے:

292-1319
757-7561

تحفۂ عید

اس سال "کریسنٹ" اپنے دوست احباب کے نام "بطور تحفۂ عید" جاری کروائیے۔ وہ سال بھر آپ کی یاد دلاتا رہے گا۔ شکریہ! (ادارہ)

ریڈرز نوٹ

"کریسنٹ" کے تاخیر سے پہنچنے کی شکایت رکھنے والے قارئین صفحہ ۱۳ پر "ریڈرز نوٹ" ملاحظہ فرمائیں۔ شکریہ! (ادارہ)

طنز و مزاح

چٹکیاں

اقبال یونس خان (ٹورانٹو)

موڈرن تہذیب میں ہر چیز اوندھی ہوتی ہے۔ کینیڈا جیسے مالدار ملک کے لوگ بڑی رقمیں خرچ کر کے پیوند لگی "جینز" پہنتے ہیں۔ اس قسم کی اوندھی تہذیب کی نقل ہم نے پاکستان جیسے ملک میں خوب کر رکھی ہے۔ تو کیا یہ ممکن نہیں کہ بڑوں کو عیدی چھوٹے دینے لگیں ـــــ؟

جب عیدی ملے ہوئے صدیاں گزر گئی ہیں۔ ایک زمانہ ایسا تھا جبکہ ہمارا پسندیدہ مہینہ رمضان ہوتا تھا۔ اس کی وجہ یہ بھی کہ اس مہینے میں ہمارے گھر میں زیادہ کھانا پکتا تھا اور اچھا کھانا پکتا تھا۔ شام کے تین بجے سے ہی چولہا جل جاتا تھا اور نہ جانے کیا کیا چیزیں تیار ہونی شروع ہو جاتی تھیں۔ گھر کی تمام خواتین پورے مذہبی جوش سے اس نیک کام میں لگ جاتی تھیں۔ اُن کی اس نیک کام کی طرف اس قدر توجہ رہتی تھی کہ نماز کا وقت نکل جاتا تھا! کوئی بیسن گھوٹ رہی ہے تو کوئی چٹنی پیس رہی ہے۔ کوئی پھلکیاں تل رہا ہے تو کوئی قورمہ تیار کر رہا ہے۔

میری اپنی ڈیوٹی بھی تین بجے سے ہی لگ جاتی تھی۔ ایک نے تلی ہوئی پھلکی دی اور کہا بتاؤ نمک مرچ تو ٹھیک ہے؟ اسی طرح ایک ایک کر کے تمام کھانوں کو چکھنا پڑتا تھا۔ اس ٹیکنیکل مشورے کے لیے میں نے تجربے کے بعد ایک ترکیب سیکھ لی تھی۔ ایک دو قسم کے کھانے چکھنے کے بعد زبان اُن کھانوں کے نمک کے بارے میں کچھ بتانے سے انکار کر دیتی تھی جس کا مزہ دوسروں کی بہ نسبت اچھا لگتا تھا۔ پہلا لقمہ کھانے کے بعد خواتین نے پوچھا "ہاں تو بتاؤ میاں!! مرچ کم تو نہیں، شکر پھیکی تو نہیں رہ گئی" ہم نے کہا ابھی کچھ اندازہ نہیں ہوا اور اس کے بعد دوسرا لقمہ لیا۔ اس پر بھی عدم تشفی کا احساس کرتے ہوئے تیسرا لقمہ لے لیا ـــ!

پھلوں کو چکھنے کی خدمات بھی میرے ہی سپرد تھیں۔ اگر خربوزے کا موسم ہے تو بڑی مہارت سے ایک ایک خربوزے کو ہاتھ میں اُٹھا کر اس کے وزن کا اندازہ لگایا اور ایک ایک کو زور سے سونگھا۔ اس کے بعد چاقو سے خربوزے کے بیچ سے ایک چوکور سا ٹکڑا کاٹ کر کھایا۔ جو خربوزے میٹھے نکلے، انہیں ایک طرف اور جو قدرے پھیکے نکلے، انہیں دوسری طرف رکھتا گیا۔ جو جو پھل پھیکے نکلے ان میں سے چند کو تو "فروٹ سلاد" کے لیے الگ رکھ دیا گیا اور باقی جو بچے ان کو گھر کے نوکروں کے لیے چھوڑ دیا گیا۔ بڑے ہونے کے بعد پتہ چلا کہ ہمارا مذہب تو نوکروں کے ساتھ برابری کا سلوک کرنے کو کہتا ہے جو خود کھاؤ وہ انہیں کھلاؤ وغیرہ وغیرہ۔ برخلاف اس کے میرے گھر میں کچھ دوسری قسم کے چٹکلے سننے کو آتے تھے۔ یعنی جب میرے والد مرحوم خربوزہ اور آم وغیرہ کھاتے ہوئے ہر نوکر کو پاس بلا کر اپنے ہاتھ سے قاشیں دیتے جاتے تو خواتین کی طرف سے اکثر یہ جملہ سننے میں آتا تھا "آپ تو ان سب کے دماغ خراب کر دیں گے۔"

اگر آموں کا موسم ہوتا تو آم بالٹی میں پانی کا ہی کھائے جاتے تھے۔ پلنگ آنا بنیں بالشت بھر سے لمبی دسہری کو چھیل نانوک سے کر اوپر سے نیچے تک چھلکا اس طرح اتارا جائے کہ ایک ٹکڑا ہو۔ اگر ہاتھ ملک اور دو ٹکڑے چھلکے کے ہو گئے تو بس! آم سے گردن تک جلنے لگی اور خان صاحب کی پٹھانیت میں فرق آ جائے گا۔ تو اتنا باریک کاٹا جائے کہ اس کا آخر ...

کنویں کے پانی کو چھونے لگے۔ آم کی تعریف میں اگر کسی ناواقف نے یہ کہہ دیا کہ "واہ! واہ! خان صاحب! کیا آم ہے! واہ! واہ! اس قدر میٹھا!" بس پھر کیا تھا اس لفظ "میٹھا" کو سن کر خان صاحب کا سفید چہرہ غصے سے انگارہ بن جائے گا اور تعریف کرنے والے کے سامنے گڑ کا ٹکڑا رکھتے ہوئے تنخ لہجے میں کہیں گے۔ "جی! یہ لیجئے! اور یہ کھا لیجئے۔ یہ آم سے بھی زیادہ میٹھا ہو گا۔"



غرض افطار سے پہلے آموں کا انتخاب کرنا بھی میرا ہی کام تھا۔ میٹھے ایک طرف اور پھیکے نوکروں کے لیے دوسری طرف رکھنے کے بعد ان سب کے چھلکے اتارنا، انہیں کاٹنا اور برف کے اوپر رکھ کر ہلکی سی باریک جالی سے ان کو ڈھانپنا۔ بیچ بیچ میں بڑوں کی آنکھیں بچتے ہی آم کے ٹکڑے ہضم کر جاتا۔ دو گھنٹوں کی اس محنت کے بعد اگر آپ نے سوچا کہ اب میری جان چھٹتی ہو گی تو یہ آپ کی غلطی ہو گی۔ اس نڈھال جان پر ظلم یہ کیا جاتا تھا کہ "چلو ذرا اب اس شربت کو چکھو۔" اب شربت اگر ایک قسم کا بنا ہوتا تو خیر پھر بھی انسان برداشت کر جاتا لیکن معاملہ یہ تھا کہ ایک کے لیے تربوزے کا شربت ہوتا، دوسرے کے لیے فالسے کا اور تیسرے کے لیے آبِ زمزم کا۔ اب اگر کوئی صرف آدھا آدھا گلاس ہی چکھے تو اس کا پیٹ بھر کر ڈھول بن جائے! مگر ظلم اس چھوٹی سی جان پر یہ رہتا تھا کہ ان دو گھنٹوں کی چکھائی کے بعد اس غریب کی زبان مزید چکھائی کا کام کرنے سے انکار کر دیتی تھی۔ چنانچہ ہر شربت کو دو تین مرتبہ چکھنے سے اس کے پیٹ کے پھٹ جانے کا بڑا خطرہ لاحق ہو جاتا تھا۔

خدا خدا کر کے جب افطار کا وقت آتا تو روزے دار کھانے پر ٹوٹ پڑتے۔ اب ظاہر ہے کہ جس نے پچھلے دو تین گھنٹے چکھنے کا اتنا اہم کام انجام دیا ہو اس سے کیا خاک کھانا ہی پڑتا۔ اس لیے ہم صبر و شکر سے اُن لمحات کا انتظار کرتے جب روزے دار جلدی جلدی کھا پی کر مغرب کی نماز کے لیے کھڑے ہو جاتے۔ خواتین میں سے چند ہی نماز کے لیے اُٹھتیں۔ کسی خاص وجہ سے خواتین نماز سے کم دلچسپی رکھتی ہیں۔ باقی کھانا نکالنے کے چکر میں باورچی خانہ چلی جاتیں تو میں افطار کی اُن چیزوں پر توجہ دیتا جن سے زیادہ رغبت ہوتی۔ اس مختصر سے انٹرول میں سکون سے کھانے کو ملتا۔ روزے داروں کی بے صبری اور جبڑوں کی تیز رفتاری سے نکلنے والے شور سے نجات ملتی۔

عید سے دس پندرہ دن پہلے نئے کپڑے سلتے اور نیا جوتا خریدا جاتا۔ میرے نئے کپڑوں کی ناپ تول کے لیے ایک بار درزی کے ہاں جانا اور اس کے بعد کپڑے حاصل کرنے کے لیے دس بار درزی کی دکان کا چکر لگانا۔ ہر عید لوٹا عید پر درزی کی بچی بنانی

مر جاتی۔ آج تک یہ سمجھ میں نہیں آیا کہ اس کے پاس کتنی نانیاں تھیں!

اب نئے کپڑے اور نیا جوتا گھر میں موجود ہے لیکن پابندی ہے کہ ہم پہر کو عید کے دن ہی پہن سکتے ہو۔ خیر صاحب کسی نہ کسی طرح چاند دیکھا جاتا ہے تو حجام کے پاس دو ڈھائی بال گھٹوائے جاتے ہیں۔ نہایا دھویا جاتا ہے اور بڑی مشکل سے نیند آتی ہے اس رات۔ پھر صبح چار بجے ہی آنکھ کھل جاتی ہے۔ پوری تیاری کے ساتھ نماز کے لیے نکلے۔ عیدگاہ میں بڑی دھکم پیل کے بعد جگہ ملی۔ وہ اس طرح کہ اگر کسی نمازی نے غلطی سے دوسری طرف منہ پھیرا اور جلدی سے اس کی جگہ دھر لی۔ اس نفسا نفسی اور جگہ کے چوری کرنے کا خدا جانے اسلام میں کیا اُصول ہے۔ اُصول کاغذ پر جو کچھ بھی ہو مگر عیدگاہ میں جہاں اتنے ڈھیر سے مسلمان جمع ہوں صرف ایک ہی اُصول چلتا ہے! "جس کی لاٹھی اس کی بھینس"۔ "بھائی چارہ"، "میل ملاپ"، "اخوت"، "محبت"، "تنظیم" ـــ اس قسم کے درخشاں الفاظ کاغذ پر بڑے اچھے لگتے ہیں۔ عیدگاہ کا اُصول "جنگل لاء" سے ملتا جلتا ہوتا ہے۔

تکبیریں شروع ہوتی ہیں۔ ہر نمازی پڑوسی پر نظریں جمائے رہتا ہے۔ مشکل یہ پڑتی ہے کہ بائیں طرف والا کچھ کر رہا ہے تو دائیں جانب والا کچھ اور۔ ایسی صورت میں گھبرانے کی کوئی ضرورت نہیں۔ اگلی صفوں والے بھی تو ہیں۔ اگر انسان اگلی صفوں پر نظر رکھے تو وہاں بھی منظر کچھ ایسا ہی دکھائی دے گا۔ اس لیے ایک اور اصول یہ ہے کہ اکثریت جو کر رہی ہو اسی پر عمل کیا جائے ـــ!

نماز کے بعد اگر نئے جوتے زندہ سلامت مل گئے تو مزید دو رکعت نماز شکرانہ ادا کر کے گلے ملنے کا کھیل شروع ہو گیا۔ اپنی عمر کے جو مضبوط لڑکے ہوں ان سے اگر ہاتھ ملا کر ہی جان چھڑائی جا سکے تو وہ زیادہ عقلمندی ہو گی۔ ورنہ وہ سارا کھایا پیا نکال کر رکھ دیں گے۔ نماز کے بعد رشتہ داروں سے ملنے کا سلسلہ شروع ہوتا ہے اور دھڑا دھڑ نوٹ برسنے لگتے۔ ہر مرتبہ عیدی ملنے کے بعد نوٹ کا بار رکھنا آسان کام نہیں۔ میں نے تو تجربے سے یہ سیکھا ہے کہ صاحبوں کی طرح نوٹوں کو ہر بار گننے سے بڑی روحانی فرحت ملتی ہے۔

عیدی لیتے لیتے کب ہم عیدی دینے لگے کچھ اچھی طرح یاد نہیں۔ اب حالت یہ آن پہنچی ہے کہ ہم دوسروں سے عیدی مانگنے کی جرأت بھی نہیں کر سکتے۔ اب ہمارے بڑے کم رہ گئے ہیں اور چھوٹے زیادہ۔ نئی پود کے پاس ہر چیز موجود ہے۔ ہر بچے کے پاس "کھلونے"، "ٹرانسسٹر ریڈیو" اور خدا جانے کیا کیا الّم غلّم ہے ـ جیبیں بھی ان سب کی کافی گرم رہتی ہیں۔ اس لیے اگر آج ایک چھوٹے کو بطور عیدی پانچ روپے دیئے جائیں تو وہ منہ چڑانے لگتا ہے۔ اس لیے یہ نئی پود عیدی قبول کرنے کی زحمت برداشت کرنے کی بجائے، اگر بڑوں کو عیدی دینا شروع کر دے تو شکنوں والے چہروں پر بچوں جیسی خوشی کے آثار دیکھ کر حیران رہ جائے!

تو چھوٹے میاں! ہماری عیدی کب دو گے ـــــــــــ؟

عید مبارک

محفلِ شعر و سخن

(اشعار بہ اعتبارِ عنوان)

بے ہوشی و ہوش

ہوش جاتا نہیں رہا لیکن!
جب وہ آتے ہیں تب نہیں آتا
میر

•

اب یہ عالم ہے میرا ہوش میں آنا ہے محال
ہوش میں تھا تیرے دامن کی ہوا سے پہلے
دل لکھنوی

•

بے خودی بے سبب نہیں غالب
کچھ تو ہے جس کی پردہ داری ہے
غالب

•

مجھ کو تو ہوش نہیں تم کو خبر ہو شاید
لوگ کہتے ہیں کہ تم نے مجھے برباد کیا
جوش ملیح آبادی

•

نگاہ ناز میں اس خستہ و درماندہ کے نثار
کہ دوست ہوش بھی بخشتا تو بے خودی کی طرح
ساحر بھوپالی

•

بے خودی میں بھی نہیں بھولے اسے
واہ کیا بات ہماری یاد کا
بیخود دہلوی

•

ہوں ابھی تیرہ پہ محفل میں کرے ہوش رہوں
ہوش میں آؤں تو محفل سے اٹھا دیں مجھ کو
شاد الحق حقی

•

مجھ بے خود ہوں نہیں کچھ دین و دنیا کی خبر
داغ ایسا دل لگا تا کوئی تم سے سیکھ جائے
داغ

•

ہوش آتا ہے تو چھیڑ عشق کی تو ہیں دیکھ
بانو سے ہوش رہو تو ہو نہ پھر ہوش میں آ
احمد شرافت علی



بار نگاہ و دل ہیں خیالات عید کے
ہم کو نہ راس آئیں گے نغمات عید کے
باقی دل اب تو ہم میں رہی تاب، دید بھی
کیا ہیئے، دیکھنے ہیں کرشمات عید کے

یہ پھول یہ شگوفے یہ غنچے کسی کے ہیں
اپنے نصیب میں تو فقط خار آئے ہیں
کیا غیر اس جہان میں کیا یار و آشنا
ہر ایک کی نگاہ میں ہم تو پرائے ہیں

اے عید جا کے اور کسی گھر کی راہ لے
ہم لوگ تجھ کو دے نہ سکیں گے خراج بھی
جیسا ہمارا حال ہے یوں دیکھتی ہے تو
اس وجہ سے خراب ہمارا مزاج بھی

ہم سے غریب کیسے کریں اہتمام کیا
ہے تیرے ساتھ یہ ہمارا اهتمام کیا

ڈاکٹر تبسم ...

بہنوں کی محفل



لوگ کہتے وہ مینٹل کیس ہے، اگر والے اُسے بوجھ سمجھتے مگر وہ ایک ایسی آگ میں جل رہی تھی جس سے شعلے اٹھتے ہیں نہ دھواں۔

سوزِ پنہاں

ثوبیہ عنبر

وہ آج پھر دوپٹے کے چوڑے پائنچوں کی شلوار اونچی کیے گھر کے سامنے محلے کے بچوں کے ساتھ کرکٹ کھیلنے میں مشغول تھی۔ میں اس کے قریب سے گزرا تو اس نے ایک شرارت بھری نظر مجھ پر ڈالی اور دوبارہ اپنے کھیل میں مشغول ہو گئی۔ اب میں بھی اس کی عادتوں سے مانوس ہوتا جا رہا تھا اس لیے دوبارہ مڑ کر دیکھے بغیر آگے بڑھ گیا۔ گھر پہنچا تو حسبِ معمول بیوی اس کی کارگزاریاں بیان کرنے لگی۔ اُسے اس محلے میں آئے چوتھا دن تھا اور ان چار دنوں ہی میں میری بیوی کے بقول اس نے محلے بھر کو ہلا دیا تھا۔ میں ہلکی سی مسکراہٹ کے ساتھ اس کے متعلق باتیں سنتا رہا۔ اس سے تعارف حاصل کیے بغیر میں اس کے حال و قرینے سے آگاہ ہو چکا تھا۔

"کچھ سنا آپ نے بچہ ہے وہ" ربیعہ کہتی۔

"جی ہاں! اولاد ماں باپ کی نظر میں تمام عمر بچہ ہی رہتی ہے۔" اس بات پر ربیعہ جل جاتی۔ "عورت ہے پوری نگوڑ ماری کا باپ تو باپ بھرکت کا شوہر بھی دنیا میں ہے۔ زرا مرد میں بیوی کو کچھ کہنا ہے۔ کیا قباحت ہے اس میں۔" میں مزید کچھ کہے بغیر... ربیعہ جھلا کر یہاں کی شستری پر زور سے بیٹھتی، میں قہقہہ لگاتا تو وہ اور چڑ جاتی... "کیا محلے کی عزت اچھال رہی ہے اس نے۔ آج تک یہاں کسی لڑکی نے یہ حرکت نہیں کی اور اس لڑکی کے لچھن دیکھ کر تو مجھے ہول آتا ہے۔ کون سا کھیل ہے جو اس سے چھوٹا ہو۔ کرکٹ وہ کھیلے... ہاکی لے کر وہ بھاگے..."

میں گفتگو کو سنگین صورت اختیار کرتے دیکھ کر موضوع بدل دیتا: "کیا پکایا ہے رات کے لیے؟"

جانے یہ سلسلہ کب تک جاری رہتا، لیکن ایک صبح میں آفس جانے کے لیے گلی کے چوراہے پر چہل قدمی کر رہا تھا کہ ایک گیند اچانک آکر بڑی زور سے میری پیشانی سے ٹکرایا۔ سر چکرا کر رہ گیا۔ پلٹ کر دیکھا تو وہ سامنے کھڑی تھی۔ مجھے ہاتھ سے پیشانی کو دباتے دیکھ کر اس نے عجیب بے تکے طریقے سے قہقہہ لگایا... میں درگزر کر جاتا مگر اس کے طنزیہ قہقہے نے جلتی پر تیل کا کام کیا اور میں نے آؤ دیکھا نہ تاؤ ایک گیند اٹھا لی۔ وہ بدستور قہقہے لگاتی رہی بلکہ ایک بچے کو دوسری گیند لانے دوڑا بھی دیا اور خود قہقہے لگاتی ہوئی آگے بڑھ گئی... تمہیں ذرا ندامت... عجیب بے ہودہ عورت ہے! مجھے سخت طیش آیا۔ فوراً اس کے گھر جا پہنچا... دستک پر ایک باریش بزرگ برآمد ہوئے۔ بڑی محبت سے ملے جیسے برسوں کی پہچان ہو اور میں بیٹھا شکایت کے لیے موزوں الفاظ ڈھونڈتا رہا۔ آخر کار خود انہوں نے آمد کا سبب دریافت کیا... میں نے چپکے سے گیند آگے کر دی... انہوں نے ایک نظر گیند پر ڈالی اور ان کے چہرے کا رنگ بدل گیا... کچھ لمحے بعد استفہامیہ نظروں سے مجھے دیکھا۔ میں نے پیشانی کی چوٹ سہلائی۔

"مجھے اُمید تھی کہ تم بھی شکایت لے کر آؤ گے۔ ماشاء اللہ پڑھے لکھے آدمی ہو، خدیجہ تو بچی ہے اسے معاف کر دو بیٹا! خدیجہ کی طرف سے میں معافی مانگتا ہوں۔" یہ کہتے کہتے ان کی آواز بھرا گئی میں حیرت کے سمندر میں غوطہ زن ہو گیا۔

"بابا میرے رویئے سے تکلیف پہنچی ہو تو معاف کر دیجیے۔"

"نہیں بیٹا تکلیف کیسی؟ ابھی کی وجہ سے تو ایک محلے میں ٹک کر بیٹھ نہیں سکتے اور شفیع پورہ کو سلام، تو وہ مریلے گی بیٹا" چند موتی ٹوٹ کر ان کی ریش میں جذب ہو گئے اور میں اور بھی حیرت میں مبتلا ہو گیا۔ "یہ اسرار کیا ہے؟" میں نے سوچا اور پھر اس کا کھوج لگانے کے لیے بے چین ہو گیا: "بات کیا ہے بابا؟"

"بات ہے بھی اور نہیں بھی بیٹا۔"

"کوئی مینٹل کیس تو نہیں؟" ذہن میں دھماکا سا ہوا۔ میں نے سوالات پر سوالات شروع کر دیے، لیکن انہوں نے بڑی خوب صورتی سے مجھے ٹال دیا۔ "اس کی غلطیاں معاف کر دیا کرو بیٹا۔"

دل پر بوجھ سا لیے گھر آگیا... پھر اکثر ایسا ہوتا رہا کبھی اس کی گیند مجھے لگ جاتی کبھی تھی، لیکن میں نظر انداز کرتا رہا ان بزرگ کی ہستی کا سامنا کرنے کی مجھ میں ہمت نہ تھی۔

اس روز ۲۳ مارچ کی عام تعطیل تھی میں خواب استراحت کے مزے لوٹ رہا تھا کہ شور اور ہنگامے سے میری آنکھ کھل گئی شور ہمارے ہی گھر میں بپا تھا۔ ذرا دھیان سے سنا تو یہ میری بیوی ہی تھی ابھی میں حالات کا جائزہ لینے کے لیے کمرے سے نکل ہی رہا تھا کہ ربیعہ میرے چھ سالہ بیٹے طلو کو لیے اندر داخل ہوئی اس کے سر پر پٹی بندھی تھی۔ "دیکھیے اپنے بیٹے کی حالت۔"

میں نے سوالیہ نظریں ربیعہ کے چہرے پر گاڑ دیں اور وہ شروع ہو گئی بات وہی تھی جس کا مجھے اندازہ ہو چکا تھا۔

"آج پھر برخوردار خدیجہ کے ساتھ کھیل رہے تھے محلے کے سارے بچے مر گئے ہیں کہ کوئی نہیں ملا اپنے ساتھ کھیلنے کو۔ اس موئی عورت کو بھی شرم نہیں آتی بچے کے ساتھ اچھلتے پھاندتے ہوئے۔"

"تو کیا ہوا؟ سر میں چوٹ کیسے آئی؟" میں نے لاتعلق سے دریافت کیا۔

ربیعہ غصے میں لال بھبھوکا ہو گئی، طلو کو میری طرف دھکیلتے ہوئے کہا "اسی سے پوچھیے" اور خود باہر نکل گئی۔ میں نے ہلکے سے مسکرا کر طلو کو اپنے قریب بٹھا کر پیار کیا۔ اس سے بچے کی ڈھارس بندھی۔

"آنٹی نے تھوڑی سی چوٹ لگائی ہے ابو! میں تو خود ہی گر گیا تھا۔"

"یہ تمہارے ڈریسنگ کس نے کی ہے؟"

بے اختیار اس کا ہاتھ سر پر بندھی پٹی تک چلا گیا۔

"یہ بھی آنٹی نے کروائی ہے۔ وہ جو ڈاکٹر ہے نا تجویز ڈاکٹر عابد اس سے۔ امی کو تو پتہ بھی نہ تھا کہ مجھے چوٹ آئی ہے اور کتنا خون بہہ گیا ہے سب لڑکے تو بھاگ گئے تھے آنٹی نے مجھے اٹھایا۔"

"اچھا بیٹے کوئی بات نہیں اب آپ بالکل ٹھیک ہو جائیں گے جلدی سے منہ تو دھو لیں۔"

طلو کے گالوں پر آنسوؤں کے نشان چمک رہے تھے، لیکن میرے رویئے سے اس کے لبوں پر مسکراہٹ دوڑ گئی اور وہ فوراً ہی منہ دھونے چلا گیا۔

"امی کو آنٹی کو آنا بُرا لگتی ہیں ابو! لیکن آپ کو پتہ ہے آنٹی کتنی اچھی ہیں۔ روز مجھے ٹافیاں دیتی ہیں۔" وہ اس کی تعریف میں رطب اللسان ہو گیا۔

روز انہ اسی طرح کا کوئی نہ کوئی واقعہ ضرور رونما ہوتا لیکن ربیعہ کی ڈانٹ پھٹکار اور دھمکیوں کا بچوں پر کوئی اثر نہ ہوا، وہ بدستور اپنی آنٹی سے ملتے رہے اس کے ساتھ اسی طرح کھیلتے رہے۔

اس روز میں اپنے ایک سالہ بیٹے زریاب کو گود میں لیے گشت کرنے گھر سے نکلا۔ میں نے دیکھا وہ محلے کے لڑکوں کے ساتھ ہاکی کھیلنے میں مصروف ہے۔ مجھے دیکھتے ہی اس نے ہاکی پھینکی اور میری طرف لپکی۔ میں چونک کر دو قدم پیچھے ہٹا اور اسی تیزی سے اس نے بچے کو میری گود سے چھین کر چومنا شروع کر دیا۔ دوپٹے کے آنچل سے ٹافی کھول کر اس کے منہ میں ڈال دی۔ کھیل رک گیا تھا اور تمام بچے اس کے گرد دائرہ بنائے کھڑے تھے۔ اس نے ہاتھ کے اشارے سے اور بچوں کو بھگا دیا۔ خود زریاب کو اچھال اچھال کر ہنسانے لگی۔ میں نے اس وقت پہلی بار اس کے چہرے پر کھلنڈرے پن کے بجائے ممتا کا نور دیکھا اور خدیجہ کو اس روپ میں دیکھ کر میں ٹھٹھکا سا گیا۔ اس کی شخصیت کے گرد کھنچا حصار ایک بار پھر مجھ میں ڈھے گیا مجھے اچانک یاد آیا خدیجہ لاولد ہے۔

پکوان

سویاں پکایئے

چار افراد کے لیے

سویاں	۴ اونس
دودھ	۲ بوتل
کسٹرڈ پوڈر	۴ کھانے کے چمچے
بادام اور ناریل	تھوڑا سا
چینی	حسبِ خواہش

دودھ کو ابال لگا کر جوش دیں کہ دودھ پڑا تو گاڑھا ہو جائے۔ پھر ایک پیالے میں تھوڑا سا ٹھنڈا دودھ لے کر اس میں ۴ چمچے کسٹرڈ پاؤڈر ڈال کر پھینٹ ڈالیں۔ یہ پیسٹ دودھ ابلنے کے بعد اس میں شامل کر دیں۔ جب کسٹرڈ پوڈر گاڑھا ہو جائے تو اس میں سویاں توڑ کر ڈال دیں اور چمچہ چلاتی رہیں۔ تقریباً ۱۰ منٹ تک پکنے دیں۔ جب کافی گاڑھا ہو جائے تو اس میں چینی شامل کر دیں۔ تھوڑی دیر اور پکائیں۔ ناریل اور بادام ڈال کر اتار لیں اور ڈش میں ٹھنڈا ہونے کے لیے رکھیں۔ سویوں کا کسٹرڈ تیار ہے۔

سویوں کا زردہ

اجزاء: سویاں ایک پاؤ، چینی ایک پاؤ، بادام ایک چھٹانک، گھی آدھ پاؤ، سبز الائچی پانچ عدد، تھوڑا سا زردے کا رنگ۔

ترکیب: سویوں کی تعداد چینی گھٹا بڑھا سکتی ہیں لیکن اس کے ساتھ ہی چینی کی مقدار بھی گھٹانا بڑھانا ضروری ہے۔ دیگچی میں گھی گرم کر کے اس میں الائچی کے دانے نکال کر ڈالیں جب گھی کڑکڑا جائے تو پاؤ بھر پانی اور چینی ڈال کر شیرہ بنا لیں۔ ایک دو ابال آنے پر اس میں حسبِ پسند زردے کا رنگ ڈال دیں جب رنگ نکھر آئے تو سویاں اور بادام ڈال دیں اس میں کچھ زیادہ نہ چلائیں ورنہ سویاں ٹوٹ جائیں گی۔ پانی کے خشک ہوتے ہی ہلکی آنچ پر دم دے دیں۔ پانچ دس منٹ کے بعد دم سے اتار لیں اور کانٹے سے سویاں کھول دیں تو کھلی کھلی سویاں تیار ہو جائیں گی۔ سویوں کا زردہ تیار ہے نوش فرمایئے۔

اگر زیادہ میٹھا پسند ہو تو چینی کی مقدار ڈیڑھ گنا تک بڑھا سکتے ہیں اور اگر کم پسند ہو تو آدھ پاؤ کر سکتے ہیں۔

سویوں کا نمکین پلاؤ

اجزاء: سویاں آدھ سیر، قیمہ ایک پاؤ، پیاز درمیانی چار عدد، الائچیاں تین عدد، گھی ایک پاؤ، بادام بارہ عدد، گرم مصالحہ ایک چٹکی، نمک، مرچ حسبِ منشاء۔

ترکیب: قیمہ کو نمک مرچ میں بھون لیں، اب دیگچی میں گھی ڈال کر پیاز باریک کریں جب سنہری ہو جائے تو قیمہ بھون لیں تھوڑی دیر کے بعد سویاں ڈال دیں دس منٹ تک بھونیں۔ اب اس میں ایک پاؤ پانی ڈال دیں جب گھل جائے تو دم دے دیں۔ تیار ہونے پر بادام ڈال دیں اور گرم مصالحہ چھڑک دیں لیجیے سویوں کا نمکین پلاؤ تیار ہے۔

یہ بچوں کا سال ہے!

اس لیے

"کریسنٹ" میں بچوں کی تصاویر شائع کی جا رہی ہیں۔ خواہشمند بہنیں بھی اپنے بچوں کی تصویریں بھیج سکتی ہیں ——— (ادارہ)

بہنوں کی خدمت میں

عید مبارک

شمس عباس



ضیاء اللہ

علی احمد اور امین رضا

پندرہ روزہ
کریسنٹ
شمالی امریکہ

أَلَا إِنَّ أَوْلِيَاءَ اللَّهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ

سن رکھو کہ جو اللہ کے دوست ہیں ان کو نہ خوف ہوگا اور نہ وہ غمناک ہوں گے

ہلالِ عید اور پیچیدگیاں

گزشتہ سال عید الفطر کے موقع پر ورجینیا امریکہ میں مسلمانوں کا اجتماع دس ہزار سے بھی تجاوز کر گیا۔ جہاں پر ایک سے زائد مرتبہ جماعت ہوئی اور ہر جماعت میں ہال کھچا کھچ بھرا ہوا تھا۔ جس سلیقے اور نظم و ضبط سے عید کا وہ اجتماع ظہور پذیر ہوا اس سے لوکل اخبارات نے بھی سرخیاں لگائیں۔ پہلی مرتبہ اس ملک کے میں مسلمانوں کی اجتماعی قوت منظر عام پر آئی۔ جامع مسجد کروشین مسجد اور اسلامک فاؤنڈیشن کے باہمی تعاون اور اتحاد سے پہلی مرتبہ کینیڈا کی تاریخ میں مسلمانوں کا اتنا بڑا اجتماع عمل میں آیا۔

مگر ہم میں بعض ایسے عناصر بھی موجود ہیں جنہیں اتحاد پسند نہیں۔ وہ اسلام کی سادہ اور عام فہم تعلیمات کو پیچیدہ بنا کر نہ صرف اُمت کو تقسیم کرنے کی سعی کرتے ہیں بلکہ بعض حالتوں میں اُمت کے ماتھے پر کلنک کا ٹیکہ بن جاتے ہیں۔ کاش! یہ نفس کوئی یہ بتلا سکے کہ نفاق اور تفریق پیدا کرنے والوں کا دنیا اور آخرت میں کتنا دردناک انجام ہوگا!

چاند دیکھنے کا مسئلہ آج کے دور میں اتنا پیچیدہ نہیں ہونا چاہیئے۔ مگر حیرت انگیز ذہن ہر سال اسے اس حد تک پیچیدہ بنا دیتے ہیں کہ عام انسان کا ذہن اس سے گھبرا جاتا ہے۔

ہم روز آنہ کاروں پر سفر کرتے ہیں۔ ٹیلی فون ہماری انگلیوں میں کھیلتا رہتا ہے۔ الیکٹرک لفٹ ہمیں کئی منازل تک لے جاتی ہے۔ واشنگ مشین چند منٹوں میں چادر چمکتے دھو دیتی ہے۔ ہم مشینوں سے ملبوسات پہنتے ہیں۔ افطار اور سحری کے وقت فریج سے بھی جو چاہے کام آتا ہے۔ ہم دن کی ابتدا تو سورج کے وقت کے حساب سے کرتے ہیں۔ اور بادلوں سے ڈھکے آسمان پر جب سورج چھپ جاتا ہے تو سی این ٹاور پر چڑھنے کی بجائے ہم سولار گھڑیوں اور پہلے سے مرتب شدہ ٹائم ٹیبل کا سہارا لیتے ہیں جو سائنسی اعداد و شمار پر مبنی ہوتا ہے۔ سارا سال ہم آنکھیں بند کیے سائنس اور ٹکنالوجی کے مہیا کردہ طریقوں میں اپنی زندگی کے معمولات میں بہے چلے جاتے ہیں۔ جب سور کی کھال سے بنے جوتے پہننا، سور کی چربی سے بنے صابن سے منہ ہاتھ دھونا، اور سور کی ہڈیوں سے بنی ہوئی جیلی کھانا تو قبول ہے مگر جب رمضان اور عید کا چاند دیکھنے کا وقت آئے تو اسے ایک مسئلہ بنا دیا جاتا ہے خواہ ہمیں یہ بھی علم نہ ہو کہ شعبان کب آیا اور چلا گیا۔ آیا وہ ۲۹ دن کا تھا یا تیس دن کا؟

ذرا سوچیں ایسے کتنے لوگ ہوں گے جنہوں نے یہاں رہتے ہوئے کبھی کسی غیر مسلم سے بات نہ کی ہوگی؟ وہ کونسی ایسی کیفیت ہے جس کی آمدنی میں سود کی رقم شامل نہ ہو اور اس آمدنی سے ہمیں تنخواہیں نہ ملتی ہوں۔ دکھ کی بات تو یہ ہے کہ ہم نے اس روز مرہ زندگی کے بعض غیر اسلامی حصّوں کے ساتھ بڑی فراخدلی کے ساتھ سمجھوتہ کر رکھا ہے اور بعض حصّوں پر اس قدر رد عمل ہوتا ہے کہ اُمت کی یکجہتی سوال پر لٹکی نظر آتی ہے۔

مسلمانانِ شمالی امریکہ اور خصوصاً ریلی لوڈ جنرل (جن کی آبادی ایک لاکھ کے قریب پہنچنے والی ہے) کے وسیع تر مفاد کو مدّ نظر رکھتے ہوئے وقت کا اہم تقاضہ یہ ہے کہ ہم محسوس کریں کہ ہماری صفوں میں نفاق اور تفریق ہمارے اپنے جسم پر ایک ناسور کی حیثیت رکھتا ہے جو ہماری اسلامی زندگی کے لیئے انتہائی تباہ کن ہے۔ مذاہب میں اسلام شمالی امریکہ کا تیسرا بڑا مذہب ہے۔ مگر اعتبار سے ابھی تک اس تیسرے اہم مذہب کو سرکاری حیثیت نہیں دی گئی ہے۔ ابھی تک فیکٹریوں اور دفتروں میں نماز عید کے لیے وقفہ حاصل کرنے میں مسلمانوں کی اکثریت کو دشواریاں درپیش ہیں۔ یہودیوں کو تو یوم کپور پر تنخواہ کے ساتھ چھٹی ملتی ہے لیکن مسلمانوں کو عیدوں پر بغیر تنخواہ کے چھٹی ملنا بھی مشکل ہے۔ چند مراعات حاصل کرنا شمالی امریکہ کے جیسے لاکھ مسلمانوں کا کیا اتنا ہی کٹھن مسئلہ ہے؟

آیئے عید کے اس مبارک موقع پر چند لمحے رک جائیں اور سوچیں عید کی اصل خوشی تو نماز عید کے سب سے بڑے اجتماع میں ہی میسر ہو سکتی تھی کیا ڈیڑھ اینٹ کی الگ الگ مساجد نے ہماری اس خوشی کو چھیننے کی کوشش تو نہیں کی؟ اگر ہر فرد میں ملتِ اسلامیہ کی اجتماعی افادیت کا شعور پیدا ہو جائے تو ہماری آئندہ عید مسلمانوں کا ٹھاٹھیں مارتا ہوا سمندر ہوگی۔ ایسا سمندر جو اپنے حقوق کے راستے میں حائل ہونے والے ہر روڑے کو بہا لے جائے گا اور مسلمان اس سمندر کی ابھرتی لہروں کے درمیان عید کی سچی خوشیاں سمیٹتے نظر آئیں گے۔

کاش! یہ درویش کا خواب نہ ہو ۔۔۔ ہمارا وہ عید مبارک کہنا قبول ہو جائے ۔۔۔!!

حسنی (ٹورانٹو)

کریسنٹ کی طرف سے
قارئین کرام کو
عید مبارک

آدابِ معاشرت

ترتیب و انتخاب: محمد منصور الزمان صدیقی

نماز باجماعت — ایک شخص نے حاضر ہو کر عرض کی کہ میں جماعت سے نماز نہ پڑھ سکوں گا کیونکہ فلاں شخص ہم کو طویل نماز پڑھاتا ہے۔ آپ یہ سن کر ناراض ہوئے اور لوگوں کو خاطب کر کے فرمایا:
لوگو تم کو کیا ہو گیا ہے۔ تم تختیاں کر کے لوگوں کو مذہب سے دین سے متنفر کرتے ہو۔ سو دیکھو جو شخص نماز پڑھائے اس کو چاہیے کہ وہ (نماز کو) تخفیف کرے) اور کرنے میں تخفیف کرے کیونکہ مقتدیوں میں مریض بھی کمزور بھی اور صاحت مند بھی ہیں (بخاری)

مسلمان کا قتل کفر ہے — لوگو میرے بعد کافر نہ بن جانا کہ تم میں سے ایک دوسرے کی گردن کاٹنے لگے (بخاری)

ریشمی لباس — ایک مرتبہ ایک ریشمی جبہ آپ کی خدمت میں بطور ہدیہ پیش کیا گیا جو پشت سے پھٹا ہوا تھا آپ نے پہن کر فرمایا اور اس سے نماز پڑھی۔ نماز سے فارغ ہو کر آپ نے اس جبہ کو نفرت و ناگواری سے اتار ڈالا اور فرمایا ۔۔۔۔۔۔ یہ کپڑا پرہیزگاروں کے لئے نہیں ہے (بخاری)

قبلہ کی طرف تھوکنا — ایک مرتبہ آپ نے قبلہ کی طرف بلغم پڑا ہوا دیکھا آپ کو بہت ناگوار ہوا آپ نے خود اپنے دست مبارک سے اس کو صاف کیا اور فرمایا تم میں سے جب کوئی شخص نماز پڑھنے کے لئے کھڑا ہوتا ہے تو وہ گویا اپنے رب سے مناجات کرتا ہے یا اس کا پروردگار اس کے اور قبلہ کے درمیان ہوتا ہے ایسی حالت میں چاہیے کہ تم میں سے کوئی شخص اپنے قبلہ کی طرف نہ تھوکے بلکہ دائیں جانب تھوکے یا پاؤں (رومال وغیرہ) میں تھوک لے (بخاری)

گھر کو قبرستان نہ بناؤ — فرمایا اپنے گھروں کو قبریں نہ بناؤ۔ ان میں کچھ نمازیں (نفل) پڑھا کرو (بخاری)
یہود اور نصاریٰ پر خدا کی لعنت ہو انہوں نے اپنے انبیاء کی قبروں کو مسجد بنا لیا (بخاری)

مسجد کی تعمیر کرانا — جو شخص خدا کی رضامندی کیلئے مسجد بنائے خدا اس کے لئے جنت میں ایک شاندار مکان بنا دیتا ہے (بخاری)

بہترین صدقہ — جس وقت تم تندرست ہو، مال کے حریص ہو، دولت مندی کے شائق ہو اور مفلسی کا خوف ہو، صدقہ میں اس وقت تاخیر نہ کرو یہاں تک کہ جان حلق کے اندر آ جائے (یعنی موت آ جائے) اس وقت کہو کہ فلاں کو اتنا دے دینا حالانکہ مال تو فلاں کا ہو چکا (یعنی وارث کا ہو چکا) (بخاری)

کمزوروں کی امداد — تم لوگ صرف تمہارے کمزوروں کے سبب مدد دی جاتی ہے اور رزق دیا جاتا ہے (بخاری)

والدین کی خدمت — ایک شخص حاضر ہوا اور جہاد میں شرکت کی اجازت طلب کی آپ نے دریافت فرمایا کیا تیرے والدین زندہ ہیں اس نے عرض کی ہاں ارشاد فرمایا تو ان کے پاس رہ کر ان کی خدمت کرو (بخاری)

تین باتوں کا حکم — فرمایا (۱) قیدی کو رہا کرو (۲) بھوکے کو کھانا کھلاؤ (۳) مریض کی عیادت کرو (بخاری)

سات باتوں سے بچو — سات باتوں سے بچو جو ہلاک کرنے والی ہیں (۱) خدا کے ساتھ شرک کرنا (۲) جادو کرنا (۳) جس شخص کے قتل کو اللہ تعالیٰ نے حرام قرار دیا ہے اس کو ناحق قتل کرنا (۴) سود کھانا (۵) یتیم کا مال کھانا (۶) لڑائی (جہاد) کے دن جنگ سے بھاگنا (۷) بے خبر پاکدامن مومن عورتوں پر تہمت لگانا (بخاری)

خودکشی حرام ہے — جو شخص جس طرح اپنی جان لے گا وہ جہنم میں ہمیشہ ہمیشہ کے لئے اسی عذاب میں مبتلا رہے گا جس نے گلا گھونٹا یا پھانسی لگائی وہ ہمیشہ گلا گھونٹتا رہے گا جس نے زہر کھایا وہ ہمیشہ زہر کھاتا رہے گا جس نے تیز دھار آلے سے خودکشی کی وہ ہمیشہ ایسے ہی آلہ سے پیٹ میں زخم لگاتا رہے گا (مفہوم بخاری)

نور و بصیرت

سلیم تابانی

سیدنا علی المرتضیٰؓ

اسلام میں امیر المومنین سیدنا علی المرتضیٰؓ کا جو مقام و مرتبہ ہے وہ محتاج بیان نہیں۔ آپ کے ایثار و قربانی کا یہ عالم تھا کہ جس روز کفار مکہ نے (نعوذ باللہ) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے قتل کا منصوبہ بنا رکھا تھا آپ اس رات حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی جگہ آپؐ کے بستر پر سوئے تاکہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو منظر سے نکل جائیں اور کفار کو بستر خالی دیکھ کر تجسس نہ ہو۔ آپؓ کے اس کارنامے پہ اللہ تعالیٰ نے فرشتوں کے روبرو فخر فرمایا۔

سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ علم اور فہم دین میں بہت ہی بلند مرتبہ رکھتے تھے جس کا اندازہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس ارشاد گرامی سے ہوتا ہے۔ آپؐ نے فرمایا کہ "میں علم کا شہر ہوں اور علیؓ اس کا دروازہ ہے"۔ چنانچہ سیدنا علی المرتضیٰؓ نے علم و حکمت کے ایسے ایسے لعل و جواہر بکھیرے ہیں کہ عقل دنگ رہ جاتی ہے۔

ایک مرتبہ کسی شخص نے آپؓ سے عرض کیا: اے امیر المومنین! آپ مجھے کوئی نصیحت فرمائیں: سیدنا علی المرتضیٰؓ نے فرمایا کہ "اپنے اہل و عیال سے اشغال تیرا سب سے بڑا مشغلہ نہ بن جائے، یاد رکھ کہ اگر تیرے اہل و عیال خدا کے دوست ہیں تو خدا اپنے دوستوں کو کبھی ضائع نہیں فرمائے گا اور اگر وہ خدا کے دشمن ہیں تو اللہ پاک کے دشمنوں سے تجھے کیا سروکار"۔
ایک اور موقع پہ ایک شخص نے آپ سے پوچھا کہ سب کسبوں سے پاکیزہ کسب کونسا ہے فرمایا کہ: تیرا دل اللہ کو اس طرح پا لے کہ اس کے سوا ہر چیز سے بے پرواہ ہو جائے۔ سبحان اللہ کتنی بلند پایہ نصیحت، کس سادگی اور خوبصورتی سے ارشاد فرمائی اور توحید پرستی کا درس کس قدر عام فہم انداز میں دیا۔ یہ سیدنا علی المرتضیٰؓ کے علم و فضل کا کمال ہے کہ صوفیاء کے بیشتر سلسلے آپ پہ ہی منتہی ہوتے ہیں۔

۴
پاکستان کے اندرونی دشمنوں اور مرتد اینجنٹوں کے عزائم کی نشاندہی کرتے ہوئے ہم آج یوم آزادی کے موقع پر قوم کو اس عہد میں شرکت کی دعوت دیتے ہیں کہ اسی طرح کی انتشار انگیز یا مملکت خداداد کی سالمیت کو نقصان پہنچانے والی کوششوں کو ہم ان شاء اللہ ان کے عزائم کو اسی طرح ناکام بنا دیں گے جس طرح ہم نے آج کے دن انگریز، ہندو، سکھ اور ان کے مسلمان ایجنٹوں کی متحدہ قوت کو شکست دے کر یہ ملک حاصل کیا تھا۔
روزنامہ جسارت کراچی

INTRODUCE CRESCENT
TO A FRIEND

امریکہ کا گھناؤنا منصوبہ

نیو یارک ٹائمز، فیڈرلسٹ ہاؤس اور امریکی وزارت خارجہ کے اعلیٰ حکام کے حوالے سے ایک پونا آنے والا پوسٹ شائع کی ہے امریکہ ایٹمی قوت کے حصول کیلئے پاکستان کی کوششوں کو ناکام بنانے کے جنون میں اب اس حد تک آگے بڑھ گیا ہے کہ اس نے پاکستان کا ایٹمی پلانٹ تباہ کرنے کے لئے باقاعدہ ایک فورس قائم کر دی ہے اور اب عمل کا راستہ کے لئے متبادل تجاویز پر غور کیا جا رہا ہے۔
یہ خبر پاکستانیوں کیلئے انتہائی تشویشناک بھی ہے اور حیرت انگیز بھی نہیں کیونکہ امریکہ کا ایک پٹھو جماعت پیپلز پارٹی کیلئے اس میں اطمینان و مسرت کا بہت سے پہلو پنہاں ہیں۔ اس خبر کی اشاعت سے ایک دن قبل ہی بھٹو کا وہ خط شائع ہو چکا ہے جس میں انہوں نے ساتھ بیانات کی سلامتی کے عوض ایٹمی طاقت کے حصول کے لئے پاکستان کی کوششوں کو سبوتاژ کرنے کی امریکہ کو ضمانت دیکر پیشکش کی تھی اور اتفاق بھی بڑا ہی خوب ہے کہ امریکی منصوبے کی خبر کے ساتھ ہی بھٹو الیکشن ٹرسٹ کے پروفیسر روزنامہ "مشرق" کلکتہ کے حوالے سے شائع ہوا ہے جس میں بیان کیا ہے کہ پاکستان اکتوبر میں ایٹمی دھماکہ کرے گا۔ اس سے امریکہ کے ذریعہ انہوں نے گویا امریکہ کو یہ اطلاع پہنچائی ہے کہ وہ کچھ کرنا ہے اکتوبر سے پہلے کر لے کیونکہ اس کے بعد پاکستان ایٹمی قوت بن جائے گا۔ ۴

بے نظیر نے بھٹو کی جان بچانے کے عوض امریکہ کو ایٹمی پروگرام میں رکاوٹ ڈالنے کا یقین دلایا تھا

مرتضیٰ بھٹو کو پاکستان کے ایٹمی پروگرام کو دنیا بھر میں اچھالنے کی ہدایت کی گئی تھی

بھٹو خاندان کو یقین تھا کہ امریکہ کی حمایت کے بغیر سیاست میں بر سر اقتدار آنا مشکل ہے

امریکی مداخلت کے لئے بے نظیر نے مرتضیٰ کو خط بھٹو کی ہدایت پر لکھا تھا

کارٹر اور امریکی سینیٹروں کی اپیل بے حد اہمیت کی حامل ثابت ہوگی۔ بے نظیر کے خط کی مزید تفصیلات کا انکشاف

سندھی کے مشہور شاعر نے اسلام قبول کر لیا



تو جانے گا کیا میں چلا جا رہا ہے دل (بشکریہ کیہان انٹرنیشنل)

عید مبارک

For all your printing needs
— business or social —

PEACOCK
Printing & Typesetting

HAMID HUSAIN

1400 GERRARD ST. E., TORONTO M4L 1Z4 • Tel. 466-5660

نصرت بھٹو کے ذمہ

واجب الادا ۳۵ لاکھ

روپے انکم ٹیکس

ہائی کورٹ نے وصولی

کی کارروائی روک دی

ہیملٹن میں حلال گوشت
کی پہلی دکان

HAPPY EID MUBARAK

UNDER THE NEW MANAGEMENT

ASIAN FOODS
INTERNATIONAL

414 KING STREET E.
HAMILTON, ONTARIO

TEL. 528-8184

شالیمار

اپنے کرمفرماؤں اور عزیز ہم وطنوں کو
عید سعید کی دلی مبارکباد
پیش کرتا ہے

عید مبارک

لذیذ دیسی کھانوں کا بےمثال مرکز
کڑاھائی گوشت، تکے، کباب اور مٹھائیاں

مٹھائیاں — کھانے — کباب

"Our Food Speaks For Itself"



SHALIMAR
Sweets & Snacks

Opposite To Naaz Theatre
1431 Gerrard East
Phone: 466-6811

انتخابات متناسب نمائندگی کی بنیاد پر ۱۷ نومبر کو

انتخابات کے التوا کے بارے میں سیاسی رہنماؤں کے خدشات عنقریب رفع کر دیئے جائیں گے حکومت متناسب نمائندگی کی بنیاد پر انتخابات کے انعقاد کا قطعی فیصلہ کر چکی ہے تاریخ کی ...

صدر ضیا رائے عامہ کو مطمئن کرنے کیلئے ۱۴ اگست کے بعد پورے ملک کا دورہ کرینگے

ملک کے مجوزہ دستور میں متناسب نمائندگی کا امکان، ضلع کی بجائے ڈویژن کو انتخابی حلقہ بنانے کی تجویز

اسلام آباد ـــــ (نمائندہ خصوصی) ... [illegible]

علاقائی تعاون برائے ترقی کی تنظیم توڑ دی جائے گی

پاکستان کی طرف سے جائزے کے بعد حتمی فیصلہ کیا جائے گا

آغا شاہی نے ایران کے حالیہ دورے کے دوران یہ تجویز پیش کی تھی

اسلام آباد ـــــ (ریڈیو رپورٹ) ایران کے وزیر خارجہ ... [illegible]

ائیرپورٹ سیکورٹی فورس کے چھ سو ناپسندیدہ ملازم برطرف کر دیئے گئے

ہوائی اڈوں پر حالیہ واقعات کی خبریں یکطرفہ ہیں

اخبارات نے اے ایس ایف کی کردار کشی کی ہے: بریگیڈیئر مظفر علی

کراچی ـــــ ... [illegible]

اعلان تاشقند کا مسودہ بھٹو نے خود اپنے ہاتھ سے قلمبند کیا تھا

یہ مسودہ آج بھی موجود ہے ۱۹۶۵ء کی جنگ میں بھٹو اور عزیز احمد نے ملک کو دھوکہ دیا تھا

میں تمام حقائق دستاویزات کے ساتھ ثابت کرنے کے لیے تیار ہوں: الطاف گوہر

کراچی ... [illegible]

بلدیاتی انتخابات ۲۰ اور ۲۵ ستمبر کے دوران کسی روز ہوں گے

۲۰ ہزار سے کم آبادی والی میونسپل کمیٹیوں کو ٹاؤن کمیٹیاں بنا دیا جائے گا

راولپنڈی ـــــ (نمائندہ خصوصی) ... [illegible]

سود لینے پر مجبور کیا جا رہا ہے

صدر ضیاء الحق کو کیا جواب دیں گے؟

کراچی ـــــ (اسٹاف رپورٹر) ... [illegible]

عید مبارک

ایلس انٹرنیشنل

سارے شمالی امریکہ میں ایک جانا پہچانا نام

AALICE INTERNATIONAL
20 Grand River Court
Bramalea, Ont., L6S 2J8
Tel: [416] 791-8496

پاکستان میں زرعی زمین برائے فروخت

تحصیل لیہ، ضلع مظفر گڑھ، ملتان ڈویژن میں ۷۵ ایکڑ غیر آباد زرعی اراضی برائے فروخت موجود ہے۔ قیمت ۲½ ہزار روپے فی ایکڑ۔ یہ زمین کو آپریٹیو بنیاد پر آباد کی جا سکتی ہے۔ جس پر اندازاً ۱½ ہزار روپے فی ایکڑ خرچ اٹھتا ہے۔ بڑھتی ہوئی آبادی کے پیش نظر زرعی زمین سب سے اچھی سرمایہ کاری ہے۔ لیہ میں آباد زمین کی اوسط قیمت چھ ہزار روپے فی ایکڑ ہے۔ مشتہر دہندہ کی وہاں اور بھی زمین موجود ہے اور وہ کو آپریٹیو بنیاد پر زمین آباد کرنے کا ارادہ رکھتا ہے۔ کم از کم خریداری دس ایکڑ۔ قیمتیں وہاں تیزی سے بڑھ رہی ہیں۔ مندرجہ بالا قیمت کی میعاد تین ماہ ہے۔ پتہ ذیل پر مراسلت کیجیے:

M. A. M. C/O CRESCENT

BUYING OR SELLING OF REAL ESTATE

Entrust your requirement to person.-

- Who can help you with best possible advice with RELIABILITY and EFFICIENCY.
- Who takes PERSONAL interest in your requirements.
- Who can help you locate suitable EARLY buyers for YOUR house/store at fair prices.
- Who can help you locate a good house of YOUR choice at competitive price in desired location and surrounding, with modest Down Payment and LOW carrying charges.

For service with a difference, please contact with confidence

A.R.G. KHAN
Aroma Realty Ltd.
Real Estate and
Business Brokers

1165A Bloor St. West
Toronto, Ont. M6H 1M9
Office: 532-4421
Phones Res: 745-4864

مکان و کاروبار کی خرید و فروخت

کے خواہشمند حضرات

ہمارے بہت سے کرم فرما جو پاکستان، ہندوستان، ایسٹ افریقہ، ساؤتھ افریقہ، بنگلادیش وغیرہ مقامات سے تعلق رکھتے ہیں اور اس ملک میں مستقل رہائش پذیر ہیں وہ اپنے ہم خیال، ہم زبان، تہذیب، تمدن، مزاج اور ماحول میں رہنے اور اپنا کاروبار کرنے میں زیادہ دلچسپی محسوس کرتے ہیں۔

لہٰذا آپکے مکان، تجارت، زمین یا اسٹور وغیرہ کی خرید و فروخت کے امکانات اور بھی وسیع ہو سکتے ہیں۔ لہٰذا آپکی مذکورہ بالا ضروریات کیلئے ہمیں بہتر خدمت کا موقعہ عنایت کریں۔

ગુજરાતી ભાષા જાણનાર તરીકે અને ગુજરાતી, ઇસ્માઇલી અને ઇશનાઅશરી વેપારી ભાઇઓની જરૂરીયાતનો પુરેપુરો અંદાઝ હોવાથી કુદરતી રીતે અમે આપની સેવા વધુ સંતોષકારક રીતે કરી શકીશું.

અમારો ધ્યેય : "આપનો સંતોષ એજ અમારી કાર્યવાહી."

پاکستان اسلامی نظام کے نفاذ کیلئے حاصل کیا گیا تھا: صدر ضیاء

اس سال یوم آزادی کو اضافی اہمیت ہے۔ پاکستان رمضان المبارک کے مقدس مہینے ہی میں آزاد اور خود مختار ملک کی حیثیت سے دنیا کے نقشہ پر ابھرا تھا

بدقسمتی سے گذشتہ برسوں میں نظریاتی قوت متحرکہ کی جگہ عارضی خواہشات و دنیوی مفادات نے لے لی اور ہم مخصوص مقاصد کی بجائے سائے کے پیچھے بھاگنے لگے۔

اب ماضی پر پچھتاوے اور ملامت کا موقع نہیں ہے

خدا کا شکر ہے کہ ہم نے اپنی سمت حاصل کر لی ہے اور نصب العین ہماری نگاہوں سے اوجھل نہیں

راولپنڈی ــــ (اے پی پی) صدر جنرل محمد ضیاء الحق نے کہا ہے کہ پاکستان اسلامی نظام کے نفاذ کے لئے حاصل کیا گیا تھا ... [illegible]

ایران نے امریکہ سے اسلحہ کا معاہدہ منسوخ کر دیا

واشنگٹن (ریڈیو رپورٹ) ایران نے امریکہ سے اسلحہ کی خریداری کا ... [illegible]

یوم استقلال پر مسلح افواج کے ۱۳۶ افسروں کیلئے اعزازات کا اعلان

اعزازات پانے والوں میں جنرل چشتی، جنرل غلام حسن، جنرل ارباب جہانزیب، ایئر مارشل انور شمیم شامل ہیں

راولپنڈی ــــ (اے پی پی) یوم استقلال کے موقع پر صدر جنرل محمد ضیاء الحق نے پاکستان کی بری، بحری اور فضائی ... [illegible]

تمغہ امتیاز (فوجی) ... [illegible]

ستارہ بسالت ... [illegible]

ستارۂ امتیاز (فوجی) ... [illegible]

مقصد پاکستان اسلامی مملکت تھا!

کراچی ــــ [illegible]

سرکاری ترجمان نے میرے اٹھائے ہوئے بنیادی اعتراضات کو چھوا تک نہیں: پروفیسر غفور

نیا انکم ٹیکس ایکٹ زیادہ پیچیدہ اور دشوار ہے۔ حکام کو وسیع اختیارات دینے کر مزید بدعنوانیوں کا راستہ کھول دیا گیا۔ جماعت اسلامی کے رہنما کا جواب الجواب

حکومت آرڈیننس واپس لے۔ ایسی وضاحتوں سے کوئی مفید نتیجہ برآمد نہیں ہوگا

صحتمند تنقید کی بھی حوصلہ شکنی کی جا رہی ہے۔ میں سرکاری ترجمان سے غیر ضروری بحث میں الجھنا نہیں چاہتا

کراچی ــــ (پی پی آئی) پاکستان قومی اتحاد کے رہنما اور نائب امیر جماعت اسلامی پروفیسر غفور احمد نے انکم ٹیکس آرڈیننس ... [illegible]

کے ڈی اے تین نئی رہائشی اسکیموں

کا اعلان آئندہ ماہ کرے گی:

کراچی ــــ [illegible]

عید مبارک

SPECIAL SALE

صرف چار ہفتوں کیلئے اسپیشل سیل

آدھا یا سالم بکرا فی پونڈ 1.89 $

آدھا یا سالم ویل فی پونڈ 1.69 $

مرغیاں فی پونڈ صرف 99 ¢

"تازہ حلال گوشت • تازہ حلال مرغیاں

ہر قسم کی اعلیٰ گروسری۔ تازہ سبزیاں

SPICE TOWN

2210 DUNDAS STREET WEST (Near Jami Mosque)

PHONE: (416) 532-8267

(Free Delivery)

عید مبارک

دلی اسپیشل فوڈز

حلال گوشت سے تیار شدہ لذیذ، عمدہ کھانے نہاری و پائے،

شامی کباب کڑھائی گوشت

اور

بریانی وغیرہ

421-9572

DILLI SPECIAL FOODS

Chandni Chowk

401 Donlands TORONTO

Take Out Services

متناسب نمائندگی قابل قبول ہے اسے بہتر بنانے کے لئے ورکنگ گروپ قائم کیا جائے۔ پروفیسر خورشید

نئے نظام کا کلی اطلاق ہونا چاہیے۔ فارمولے کو بہتر بنانے کے لئے صدر ورکنگ گروپ میں سیاسی تجزیہ نگاروں، سیاسی کارکنوں اور صدارتی مشیروں کو شامل کریں۔ نظام کے نفاذ کے لئے آئین میں ترمیم ضروری نہیں۔ راولپنڈی میں پریس کانفرنس

بہترین طریقہ یہ ہے کہ پارٹی لسٹ کے لئے پورے ملک کو ایک انتخابی حلقہ قرار دیا جائے

متناسب نمائندگی کا اطلاق اسمبلی کی تمام نشستوں پر ہونا چاہیے

سیاسی عدم استحکام اور عام انتخابات میں تاخیر کا اندیشہ بے بنیاد ہے

انتخابات کے نظام کا اسلام کے دو بنیادی اصولوں سے گہرا تعلق ہے جنہیں نظر انداز نہیں کیا جاسکتا

اسلام آباد ــــــ سابق وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی اور انسٹی ٹیوٹ آف پالیسی اسٹڈیز کے چیئرمین پروفیسر خورشید احمد نے متناسب نمائندگی کے نظام کے تحت انتخابات کی حمایت کی ہے ... [illegible]

[illegible]

(فوٹو جسارت) ــــ ... کے سربراہ مولانا مفتی محمود مسلم کمال ناصر کی جانب سے دی جانے والی افطار پارٹی میں

حقیقی اسلامی مملکت کے لئے مثبت تبدیلی لانے کے فرض کا احساس کیجیے

تعمیر نو کیلئے جذبہ تحریک پاکستان بحال کرنا ہوگا۔ یوم آزادی پر میاں طفیل اور اصغر خان کے پیغامات

لاہور ــــــ (پی پی آئی) امیر جماعت اسلامی پاکستان میاں طفیل محمد نے ۳۲ ویں یوم آزادی پر قوم کے نام ایک پیغام میں تلقین کی ہے کہ ہمیں اس ملک کو حقیقی اسلامی مملکت بنانے کے لئے مثبت تبدیلی لانے کی خاطر اپنے فرض کا احساس کرنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ یوم آزادی ۲۷ رمضان المبارک کو تھا۔ وہ شب تھی جب رسول اکرم پر قرآن مجید نازل ہونا شروع ہوا۔ میاں طفیل محمد نے کہا کہ یوم آزادی اسی ماہ رمضان المبارک میں آئی ہے اس وقت تک ہم سب کو اللہ اور عوام کے سامنے اس جوابدہی کے لئے تیار ہو جانا چاہیے کہ ہم سب نے اپنا فرض پورا کر دیا ہے۔ تحریک استقلال کے سربراہ جناب محمد اصغر خان نے یوم آزادی پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ قوم کو بانی پاکستان قائد اعظم محمد علی جناح کی زندگی اور ان کے بنیادی اصولوں پر پاکستان کی تعمیر نو کا عہد کرنا چاہیے۔ اس مقصد کے لئے ہمیں اس جذبہ کو بحال کرنا پڑے گا جس سے پاکستان قائم ہوا۔ اور ... منزل کی جانب پیش قدمی کرنی ہوگی۔

عید مبارک

حلال گوشت اور مرغیاں

نہایت سستے داموں پر مہیا کی جاتی ہیں

ٹورانٹو میں حلال گوشت کی

پہلی دوکان

AFRO ASIAN

918 PAPE AVENUE
TORONTO

PHONE: 463-1287

کیپٹل ٹریول اور کیپٹل ٹریڈرز

IATA

EID MUBARAK

صرف ۹۱۸ ڈالر میں حج ــــ کراچی اور ٹورانٹو واپسی

ٹی وی، ویڈیو اور کار وغیرہ کے متعلق معلومات کیلئے فون کیجئے

FOR FURTHER INFORMATION CALL YOUR NEAREST OFFICE

Toronto: (416)465-5411
Windsor: (519)256-0654
DETROIT: 963-3626

744 Broadview Avenue
Toronto M4K 2P1
Tel. 465-5411 465-5412

قومی اتحاد کا عام انتخابات سے قبل بلدیاتی انتخابات سے بائیکاٹ

اتحاد کا کوئی فرد ایسے انتخابات میں حصہ نہیں لے گا نتائج بھی قبول نہیں کیے جائیں گے

حکومت صرف عام انتخابات کرائے دیگر معاملات میں نہ الجھے

ستمبر میں بلدیاتی انتخابات کرانے کا کوئی جواز نہیں

کونسل کے اجلاس میں بلدیاتی انتخابات بجٹ اور متناسب نمائندگی پر غور کیا گیا

لاہور ـــــ (پی پی آئی) پاکستان قومی اتحاد نے اعلان کیا ہے کہ اگر بلدیاتی انتخاب عام انتخابات سے پہلے منعقد ہوئے تو اس کے نتائج قبول نہیں کیے جائیں گے۔ ان انتخابات میں اتحاد سے وابستہ کوئی فرد حصہ نہیں لے گا ...



کراچی میں جاری بارش کے بعد ... کا منظر ... (فوٹو: اے پی پی)

جمعیت علمائے پاکستان نے متناسب نمائندگی کی تجویز قبول کر لی

تجویز اچھی ہے تاخیر سے پیش کی گئی ہے، عام انتخابات ملتوی نہیں ہونے چاہئیں، نہ آئین میں ترمیم کی جائے۔ مجلس عاملہ کی قرارداد

عاملہ کے اجلاس میں صرف پنجاب اور سرحد کے ارکان شریک ہوئے

نورانی میاں کو فیصلے سے آگاہ کر دیا گیا۔ آج پریس کانفرنس سے خطاب کریں گے

لاہور ـــــ (پی پی آئی) جمعیت علماء پاکستان ...

سرحد پر سخت ترین اقدامات کے باعث پاکستانیوں نے لانگ مارچ ملتوی کر دیا

بھارت اور بنگلہ دیش کے حکام کا اجلاس۔ سرحد پر کشیدگی۔ فوجوں کو تیار رہنے کا حکم

عید کے پُر مسرت موقع
پر
لالہ زار
تشریف لایئے

ENJOY EID AT
LALAZAR
Pakistani Cousine

عید مبارک

لذیذ کھانوں
کے لیئے لالہ زار تشریف لایئے
گوشت حلال اور سروس بہترین!

LALAZAR
RESTAURANT
429 A Donlands Ave
(near Donlands Cinema)
Tel 421-1770
We cater for private Parties
Luncheon Special Between 12 - 2.30 P.M.

افغان حکومت پاکستان کے صبر کا امتحان نہ لے

پاکستانی سفارت کار کو جبراً اغوا کیا گیا اور چھ ہفتے تک اس پر تشدد کرنے اور حبس بے جا میں رکھنے کے بعد جبراً یہ بیان حاصل کیا گیا کہ وہ افغانستان میں سیاسی پناہ چاہتا ہے

پاکستان کو بالا حصار کی بغاوت میں ملوث کرنے کے

ڈرامہ کھیلا جا رہا ہے

افغانستان کا کوئی باشندہ اور کوئی ممتاز سیاسی شخصیت پاکستان ...

اسلام آباد ــــــ (اے پی پی) وزارت خارجہ کے ایک ترجمان نے کابل ریڈیو کی اس اطلاع میں پاکستانی سفارت خانے کے عملے کے ایک رکن سید محمد صدیق شاہ نے فرار ہو کر افغانستان میں ... کی درخواست دی ہے ... ریڈیو نے یہ خبر ۲۸ اگست کو نشر کی تھی۔ ترجمان نے کہا کہ ہم نے یہ ... صدیق شاہ کے اغوا کی خبر کو اب تک باہمی تعلقات کے مفاد میں چھپائے رکھا مگر افغان حکومت کے الزامات نے ہمیں اصل حقائق ظاہر کرنے پر مجبور کر دیا ہے۔

ترجمان نے حقیقت حال کی وضاحت کرتے ہوئے بتایا ہے کہ سید محمد صدیق شاہ کابل میں پاکستانی سفارت خانے کے انتظامی عملے کے رکن تھے ...

صدیق شاہ اور ان کے گھرانے ...

ترجمان نے کہا کہ افغان حکومت ...

[illegible]

شہریوں کو تمغۂ امتیاز

راولپنڈی ــــــ (پی پی آئی) صدر نے یوم آزادی کے پرمسرت موقع پر متعدد شہریوں کو تمغۂ امتیاز دیا ہے۔ حسن قرأت کی مشہور شخصیت قاری شاکر قاسمی، قصہ خوانی پشاور کے مشہور دستکار خواجہ محمد علی، اردو کے ممتاز ضعیف العمر ادیب حکیم محمد یوسف حسن جو راولپنڈی میں مقیم ہیں، پاکستان کے ممتاز اسکالر ڈاکٹر ... بلوچی زبان کے نامور ادیب ... پشتو کے ممتاز ادیب مسٹر حبیب الرحمن قلندر ... جو آج کل پشتو زبان کی لغت مرتب کر رہے ہیں ... ڈاکٹر ... راولپنڈی میں مقیم پاکستان کے مشہور ستار نواز استاد فتح علی خان، لاہور میں مقیم پاکستان کے مشہور گلوکار استاد غلام علی جو غزل گائیکی میں استاد مانے جاتے ہیں ... نامور گلوکار ... سوہنیاں گانے والے مشہور گلوکار مسٹر پٹھانے خان ... تعلق رکھنے والے بلوچی لوک گیتوں کے ماہر گلوکار ... اور ملک کے ممتاز نعت خواں ... لاہور کے محمد اعظم چشتی۔

امور خارجہ کے مشیر مسٹر آغا شاہی نے گذشتہ دنوں ایران کا دورہ کیا اور وہاں مصروفیت ... وزیر اعظم ... بازرگان سے بات چیت کرتے ہیں اور نیچے وہ ایرانی وزیر خارجہ مسٹر ابراہیم یزدی سے ملاقات کر رہے ہیں ... ایران میں پاکستانی سفیر ... بیٹھے ہیں۔

گھبراؤ نہیں ... ذرا عید کے اخراجات نے کھال کھینچ لی ہے

گروسری - سبزیاں - دیسی حلال گوشت

تازہ حلال گوشت

بازار سے مقابلتاً سستے داموں ہم سے طلب فرمائیں

عید مبارک

الفلاح

ALFLAH

GROCER

Tel. 762-1633

2774 Dundas St. West

Toronto, Ont.

مجھے آرام بہت ہے

معزول شاہ ایران

میکسیکو میں بہت خوش ہیں

میکسیکو سٹی ــــــ (ڈی پی اے) ایران کے معزول شاہ نے کہا ہے کہ میں میکسیکو میں بہت خوش ہوں۔ یہ حسین لوگوں کا خوبصورت ملک ہے۔ مرکزی ... ٹیلی ویژن کو انٹرویو دیتے ہوئے سابق شاہ نے کہا کہ میں چند سال قبل بھی میکسیکو آیا تھا۔ اور وہی زمانے میں نے اس ملک کو پسند کر لیا تھا۔ سابق شاہ چند روز قبل ... علاقے میں آثار قدیمہ دیکھنے بھی گئے تھے۔ انہوں نے کہا کہ میکسیکو کے قدیم باشندے انتہائی مہذب اور متعدد علوم سے واقف تھے۔ انہوں نے میکسیکو کے عوام کی مہمان نوازی کا بھی شکریہ ادا کیا۔

سعودی عرب کے ایک تاجر افغان مہاجرین کے لیے ماہانہ دس لاکھ ریال کا عطیہ دینگے

راولپنڈی ــــــ (اے پی پی) سعودی عرب کے ایک امیر تاجر حسین عباس نے افغان مہاجرین کے لئے ماہانہ دس لاکھ ریال کے عطیے کا اعلان کیا ہے۔ یہ مہاجرین آج کل پاکستان میں پناہ حاصل کئے ہوئے ہیں۔ معلوم ہوا ہے کہ حسین عباس نے مہاجرین کو ... چاول، گھی ... فراہم کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ سعودی عرب کے تاجر کے اس اعلان کی تفصیلات رابطہ عالم اسلامی کے ... شائع ... ہیں۔

افغان مہاجرین کی امداد کے لیے سالم عزام کی اپیل

[illegible]

ایک اور چودہ سالہ لڑکا

خرکار کیمپ سے نکلنے میں

کامیاب ہو گیا

خرکار لڑکوں سے بیگار لیتے ہیں

اور لڑکیوں کو فروخت کر دیتے ہیں

ساہیوال ــــــ ... ایک چودہ سالہ ... پشاور سے ... خرکاروں ... کے چنگل سے بھاگ نکلنے میں کامیاب ہو گیا ...

[illegible]

عیدالفطر ایڈیشن

پندرہ روزہ کریسنٹ انٹرنیشنل

ٹورانٹو کنیڈا

اسلامی اقدار و بیرونِ وطن پاکستانیوں کا ترجمان، شمالی امریکہ میں اردو کا سب سے پہلا اور کثیر الاشاعت اخبار

جلد ۸ | ۹ شوال ۱۳۹۹ھ | یکم ستمبر ۱۹۷۹ء | شمارہ ۱۲

عید الفطر

اعلاءِ کلمۃ اللہ اور وحدتِ ملی کا دن

از: عزیز زبیدی

دراصل "رمض" سے بنا ہے ۔ سخت تپش اور جھلسا دینے والی حرارت اس کے معنی ہیں۔ اس لئے رمضان جلانے والے کو کہتے ہیں۔ ظاہر ہے کہ موسمی لحاظ سے یہ کیفیت سدا نہیں رہتی، کیونکہ یہ مہینہ کبھی گرمیوں میں آتا ہے اور کبھی بالکل سردیوں میں، کبھی خزاں میں اور کبھی بہار میں۔ اس سے سوال پیدا ہوتا ہے کہ: پھر قرآنی زبان میں اب بھی اسی ماہ کو سدا رمضان (جلانے والا) کیوں کہتے ہیں؟ اور اسلام نے روزوں کے لئے اس کا انتخاب کیوں کیا ہے؟

اصل میں یہ ایک تلمیح ہے کہ:

یہ ماہ تربیت ہے۔ وحی الہٰی کی رہنمائی کے مطابق اس مہینہ میں خصوصی تربیت حاصل کی جائے، تاکہ ماسوی اللہ کی ہر وہ نسبت اور تعلق غیر کی وہ کسک جو انسان کو اپنے رب سے غافل بنا دیتی ہے اسے جلا کر راکھ بھسم کر دیا جائے۔ کہ نفس و طاغوت پھر پرورش کے قابل نہ رہے۔

> انسان صحیح معنوں میں مسلم اس وقت ہوتا ہے جب منشاءِ الہٰی اور فطرتِ انسانی میں مغایرت نہ رہے۔

اس ماہ میں نزولِ قرآن

ماہ رمضان کا منتخب ہونا اس منشاءِ وحی الہٰی کے مقاصد سے پوری طرح ہم آہنگ ہے اور خاص سازگار بھی۔ کیونکہ قرآن کا بھی اس امر پر اصرار ہے کہ انسان غیر اللہ کی غلامی سے نجات پائے۔ وتبتل الیہ تبتیلا (مزمل) اس لئے حق تعالیٰ نے قرآن مجید کو بھی اسی مبارک مہینے میں نازل فرمایا:

قرآن نے اپنی خصوصیات کا خود ذکر فرمایا ہے

وہ کامل رہنمائی کا حامل ہے (ھدی للناس) ملاوٹ سے بلند اور حق آمیز حق سے ہم آغوش کرتا ہے (معرفات بینہ ۔ بقرہ) اس سے اندھیرے چھٹ جاتے ہیں، دل روشن ہو جاتا ہے۔ (الم ع ۱)

عقل و ہوش اور برکت کا سرچشمہ ہے (ذکر مبارک)

(انعام) ھذا بصائر للناس (جاثیہ ع ۲) دلوں کی دوا ہے (شفاء لما فی الصدور) (بنی اسرائیل)

فرقان (یعنی آمیزش) وہی ہوتا ہے جو ماسوی اللہ کے ہر شائبہ سے پاک ہو اور باطل کے تمام خس و خاشاک کو بھسم کر کے حق کا دامن تھام لینے کا احساس اور شعور پیدا کرتا ہے۔

تربیت کا نصاب کیا چاہیے اور اس کے لئے ماہ و سال یا دن اور اوقات کون سے مناسب ہوتے ہیں؟ خدا نے اس کو بندوں کی صوابدید پر نہیں چھوڑا۔ بلکہ خود ہی نشان دہی فرما دی ہے۔ کیونکہ انسان نے جب کوئی تشخیص خود کی ہے تو وہ اس کے گلے کا طوق ہی بن جاتی ہے گلو خلاصی نہیں ہوتی ——— تجربات ہم سب کے سامنے ہیں۔

روزے

ماہ رمضان کی تلمیح بھی یہی ہے اور قرآن پاک کی تلقین بھی یہی۔ لیکن سوال پیدا ہوتا ہے کہ ان سے کسب فیض کے لئے راہ کون سی ہے؟

فرمایا: روزے رکھو (بقرہ)

ماہ باطل سوز، قرآن سراپا فرقان اور روزے سراپا توفیق۔ ظاہر ہے جہاں ان تینوں کا ایک ساتھ اجتماع ہو گا، وہاں بندۂ مومن کو ماسوی اللہ کے جھوٹے سے جھٹکا پانے میں کوئی دقت محسوس نہیں ہو گی۔ یہ تینوں اگر ایک ساتھ موجود ہوں لیکن گوہرِ مقصود ہاتھ نہ آئے تو سمجھ لیجئے کہ:

روزے سے متعلق احکام کا ایک آدھی تقاضا تو پورا کیا ہے لیکن ان سے طبعی مناسبت پیدا کرنے کے لئے موزوں جذب و کیف کے ساتھ امتثالِ حکم کی کوشش نہیں فرمائی۔

روزوں کے متعلق قرآن کا ارشاد ہے کہ:

تقویٰ

روزہ عصری تقویٰ میں مدد دیتا ہے۔ (لعلکم تتقون) (بقرہ)

تقویٰ دل کی ایک ایسی کیفیت کا نام ہے جو پورے حضورِ قلب کے ساتھ انسان کو خشیتِ الہٰی سے ہمکنار رکھتی ہے۔ اگر دل کی یہ دنیا یوں آباد ہو جائے تو یقین کیجئے، راہِ حق میں پھر کوئی مشکل، مشکل نہیں رہتی۔

روزوں کے سلسلے میں شایانِ شان تعمیل اور امتثالِ حکم کی جائے۔ تربیت کے اندر وہ انقباض اور گرانی باقی نہیں رہتی، جو تعمیلِ احکام کے سلسلے میں عموماً انسان کو محسوس ہوا کرتی ہے۔ یرید اللہ بکم الیسر ولا یرید بکم العسر۔

اس قسم کی ریاضت ماہانہ اور مجاہدانہ روحانی مزایا اور مشقتوں سے وابستہ، جو گوہر مقصود حاصل ہو سکتا ہے، یہ مقصود بھی ہے۔ کیونکہ اس کے بغیر جو گوہر ہاتھ نہیں آتا وہ حسینی علاقہ تھا جسے ابھی بعد دانۂ گندم کی تلاش سرگرداں رکھتی ہے۔

عند کیجئے: روزہ مرہ کا اصرار ہے کہ روٹی کو خدا نہ بنائیے۔ مگر اس دیار پاک کے بعض تاریک گوشوں سے آواز آ رہی ہے کہ اصل مسئلہ ہی روٹی کا ہے۔ روزہ دراصل شکم پرستی کے خلاف ہے۔ اگر آپ ان الجھنوں سے نجات پا کر آسانی سے ہمکنار ہونا چاہتے ہیں تو نماز روزہ کی پابندی کیجئے۔ چند دنوں کی نفسانی اور طاغوتی مزاحمت کے بعد آپ محسوس کریں گے کہ واقعی آپ کو چین نصیب ہو گیا ہے۔ اور یہ وہ چیز ہے جو بازار سے دستیاب نہیں ہوتی، اسے کہیں ڈھونڈنا چاہیئے۔ یقین کیجئے! بس وہ یہیں کہیں آپ کے آس پاس ہی ہے۔

اس تیسیر و آسانی کی بات علامہ اقبالؒ نے کیا خوب کہی ہے، فرماتے ہیں:

انسان صحیح معنوں میں مسلم اس وقت ہوتا ہے جب قرآن کے فرمانے ہوئے اوامر و نواہی اس کی اپنی خواہش بن جائیں۔ یعنی وہ یہ نہ سمجھے کہ میں کسی حاکم یا آقا کے حکم و تسلط کے باعث عقائد، اخلاق و عبادات پر کاربند اور نواہی و قبائح نفس سے مجتنب ہوں بلکہ یہ چیزیں اس کی اپنی تمنائیں ہوں، اس کے مَن سے اٹھیں۔ قرآن اس کے حق میں تلخ اور شافی دوا نہ رہے بلکہ ایک لذیذ اور زندگی بخش غذا بن جائے۔ منشاءِ الہٰی اور فطرتِ انسانی میں مغایرت نہ رہے۔

(ملفوظات اقبال صفحہ)

دراصل نفس و طاغوت اسی وقت تک سرگرداں رہتے ہیں جب تک انسان ان کی خوشامد پر کمربستہ رہتا ہے۔ جب ان کے بے جا نخروں کو ٹھکرا دیتا ہے تو وہ پاؤں میں گر جاتے ہیں۔ علامہ اقبال فرماتے ہیں:

این صنم تا سجدہ اش کردی خدا ست
چوں یکے اندر قیام آئی فنا ست!

اس بت کو جب تک تو سجدہ کرتا ہے وہ خدا ہے لیکن جونہی تو قیام کرے وہ خود ہی مٹ جاتا ہے۔

روزہ بہرحال نفس و طاغوت کے بل کس نکالنے اور قلب و نگاہ کی کثافتوں کو دور کرنے کے لئے بہترین علاج اور نسخہ ہے۔ یہی وہ عظیم تیسیر و آسانی ہے جس کو خدا نے اپنا احسان بتایا ہے۔

شکر گزاری

روزہ شکر گزاری کی توفیق سے ہمکنار کرتا ہے۔ (لعلکم تشکرون)

احساسِ ممنونیت کے ساتھ خدا کے حضور اپنی وفاداری کا ثبوت بہم پہنچانے کا نام شکر گزاری ہے۔ تقویٰ، تیسیر و آسانی اور شکر گزاری۔ یعنی جس کے نصیب میں ہو جائیں اسے خدا جوئی اور خدا یابی کی راہ میں جو بھی صعوبتیں پیش آسکتی ہیں ان کو ختم کر کے زندگی کی معراج تصور کرنے لگتا ہے۔ کیونکہ راہ حبیب میں ہر آزار شیریں محسوس ہوتا ہے۔

روزِ عید اور تکبیریں

روزِ عید آتا ہے تو مسلم نہا دھو کر اجلے کپڑے پہنتے ہیں اور مہک چہک کر آغازِ عید کے لئے گھرسے نکل کھڑا ہوتا ہے۔ مگر لہو و لعب کر نہیں بلکہ تکبیر و تہلیل کے زمزموں میں ڈوب کر اپنی عبدیت کے عالم میں رواں دواں ہوتا ہے۔

ماہ عید میں تکبیر و تہلیل کے ہر گلیف نعرہ علیہ الخ مین تکبیروں کی گونج؛ نماز عید میں زائد تکبیروں کا خصوصی اہتمام اور خطبہ عید میں تکبیر و تہلیل کی دلچسپ آمیزش تکرار اور جھنکار اس راہ کا خصوصی زادِ راہ اور اس کے امتیازی اوصاف ہوتے ہیں۔ کیونکہ یہ بھی اعلیٰ صفت رسول صلی اللہ علیہ وسلم ہے (قیل الاولاء) اور آیت کتاب اللہ "ولتکبروا"

(البقرہ ع ۲۳) کے حکم کی تعمیل اور امر الٰہی کا امتثال ہے۔ اس باب میں حضرت امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کا بیان تک کہہ گئے ہیں کہ:

آداب جذبات اور پس منظر کے ساتھ پورے ماہ کو حسن و خوبی سے نباہ دیتے ہیں۔ آج کے دن ان سے بجا طور پر یہ توقع کی جاتی ہے کہ:

ان کے وجود سے حق کا بول بالا ہو، اعلاءِ کلمۃ اللہ کی تکمیل ہو۔ اہتمام توحید کا فریضہ ادا ہو۔ ملی وحدت اور ہم آہنگی اتنا بڑا ہو کہ مسلمانی کا رنگ جھلکتا اور تمام نہ رہے ——— بس یہ تکبیریں دراصل اسی کمال طاقتی "کا اظہار" جہاد نفس کی فرائی لڑنے والے اس غلامی کی طرف سے بیتنے والے اور تکبیر کا مجاہدانہ ایک اعلان ہے ——— آپ پوچھیں گے کہ کیا ان تکبیروں کے پس پردہ ان کے دلوں میں یہی کچھ ہوتا ہے؟ سو عرض یہ ہے کہ: اس کا جواب خود آپ کے پاس ہے۔ آپ ہی بتائیں۔ آپ کا کیا حال ہے؟ ہاں ہم اتنا ضرور کہہ سکتے ہیں کہ: بات یہی ہے ایسا ہی ہونا چاہیے۔

> حکم کی تعمیل اور امر الٰہی کا امتثال

نمازِ عید میں جتنی تکبیریں کہی جاتی ہیں ان میں بھی ہر دو تکبیروں کے درمیان وقفہ کیا جائے۔ اور اسی وقفہ میں خدا کی مزید حمد، تکبیر اور اس کی بزرگی بیان کی جائے۔ (نیل)

کیا کبھی آپ نے غور فرمایا کہ:
سارے ماہ مبارک کی محنتوں کا ان تکبیروں پر کیوں آ کر خاتمہ ہے؟

اصل بات یہ ہے کہ جو خوش نصیب لوگ مذکورہ بالا

قارئین کو

عید

مبارک ہو!

Please subscribe to the CRESCENT, a Pakistani English/Urdu Newspaper in regular print for the last 8 years.

SUBSCRIPTION RATES:

1 Year ... $8.00 (US Air Mail $10.00)
2 Years ... $14.00 (US Air Mail $17.00)
6 Months ... $5.00 (US Air Mail $6.00)
Anywhere else for 1 Year, By Air Mail $14.00

Crescent

کریسنٹ انٹرنیشنل

338 Hollyberry Trail
Willowdale, Ontario
Canada M2H 2P6
Telephone: [416] 493-4374

Name ....

Address ....

....

Postal Code ....

Telephone No. ....

PLEASE MAKE CHEQUES PAYABLE TO "CRESCENT"